Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 — اتوار، 10 جولائی 2022ء، 10 ذوالحجہ 1443ھ، 27 ہاڑ 2079 بم، قیمت 20 روپے — شمارہ 85

اگر آج قیمتیں نہ بڑھاتے تو سری لنکا جیسے حالات ہوتے‘ آئی ایم ایف کیساتھ معاملات ٹھیک چل رہے ہیں

ملک کو ڈیفالٹ اور معاشی خانہ جنگی سے بچایا ہے، احسن اقبال

احسن اقبال کا ناروا رویہ اپنانے والی فیملی کے خلاف کسی قسم کی قانونی چارہ جوئی نہ کرنے کا اعلان‘ جو قیادت اس طرزِ عمل کی ذمہ دار ہے میں اس کیخلاف عوام کی عدالت میں ایف آئی آر درج کرا رہا ہوں

معاشرے کی خاموش اکثریت کا فرض ہے کہ وہ اس طرح کے رویوں کی حوصلہ شکنی کرے اور اگر ہم نے اس کی مذمت نہ کی تو خدانخواستہ ہم بھی لبنان کی طرح خانہ جنگی کا شکار ہو سکتے ہیں‘ پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے اسلام آباد سے لاہور آتے ہوئے ایک ریسٹورنٹ میں ناروا رویہ اپنانے والی فیملی کے خلاف کسی قسم کی قانونی چارہ جوئی نہ کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ جو قیادت اس طرزِ عمل کی ذمہ دار ہے میں اس کے خلاف عوام کی عدالت میں ایف آئی آر درج کرا رہا ہوں، معاشرے کی خاموش اکثریت کا فرض ہے کہ وہ اس طرح کے رویوں کی حوصلہ شکنی کرے اور اگر ہم نے اس کی مذمت نہ کی تو خدانخواستہ ہم بھی لبنان کی طرح خانہ جنگی کا شکار ہو سکتے ہیں، اگر آج قیمتیں نہ بڑھاتے تو سری لنکا جیسے حالات ہوتے، ملک کو ڈیفالٹ اور معاشی خانہ جنگی سے بچایا ہے، پیٹرول ہم نے نہیں بڑھایا جس قیمت پر (بقیہ نمبر 33)

پاک بحریہ نے سیلاب میں پھنسے درجنوں افراد کو محفوظ مقام پر منتقل کیا

اسلام آباد (این این آئی) پاک بحریہ نے حالیہ بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ بلوچستان کے دور دراز ساحلی علاقوں میں ریلیف آپریشن کے دوران وندر میں سیلابی پانی میں پھنسے درجنوں افراد کو محفوظ مقام پر منتقل کیا۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق پاک بحریہ کی جانب سے متاثرہ علاقوں میں راشن اور دیگر ضروریات زندگی فراہم کی گئی۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق (بقیہ نمبر 34)

فرح گوگی کیخلاف گھیرا مزید تنگ، حکومت نے اہم فیصلہ کر لیا

سپیشل اکنامک زون میں لیز کی بجائے 3000 پلاٹس کی فروخت کیے گئے

اسلام آباد (حاجی ندیم) عمران خان کی اہلیہ کی دوست فرح گوگی کو سپیشل اکنامک زونز میں غیر قانونی الاٹمنٹ دینے کا معاملہ، پنجاب حکومت نے سپیشل اکنامک زون میں 3000 پلاٹس کی فروخت پر بھی چھان بین کرانے (بقیہ نمبر 30)

پاکستان کی مویشی منڈیوں میں کاروبار سست

معاشی بحران نے مسلمانوں کو عیدالاضحیٰ کی چھٹیوں پر مویشیوں پر خرچے سے روک دیا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان کی مویشی منڈیوں میں کاروبار سست، معاشی بحران نے مسلمانوں کو عیدالاضحیٰ کی چھٹیوں پر مویشیوں پر خرچے سے روک دیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کی سب سے بڑی مویشیوں کی (بقیہ نمبر 31)

کفایت شعاری پالیسی: اخراجات میں کمی کیلئے وفاقی حکومت کے اہم فیصلے

حکومتی اخراجات میں کمی لانے کیلئے کرنٹ اور ترقیاتی بجٹ سے ہر قسم کی گاڑیوں کی خریداری پر پابندی عائد

اسلام آباد (حمزہ لطیف) وفاقی حکومت نے رواں مالی سال 23-2022 میں حکومتی اخراجات میں کمی لانے کیلئے کرنٹ اور ترقیاتی بجٹ سے ہر قسم کی گاڑیوں کی خریداری پر پابندی عائد کر دی ہے۔ آسامیاں، غیر (بقیہ نمبر 32)

پاکستانی سیکیورٹی اداروں کی صلاحیت پر چین کا اعتماد بحال ہوا ہے، سینیٹر مشاہد حسین سید

پاکستان اور چین کے درمیان اعتماد بحال

اہم سی پیک منصوبوں پر دوبارہ کام شروع

ہمارا مشرقی پڑوسی ملک پاک، چین دیرینہ دوستی سے ناراض ہے، اب وہ اس دوستی کو کمزور اور سبوتاژ کرنے کے لیے کام کر رہا ہے، معلوماتی جنگ کے ساتھ ساتھ اپنی مقامی پراکسیز کے ذریعے باقاعدہ روایتی جنگ بھی کر رہا ہے

(ایم ایل ون) اپ گریڈیشن پروجیکٹ جو پاکستان میں چین کے بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کا سب سے بڑا منصوبہ ہے، اس میں 26 اپریل کے خودکش حملے کی وجہ سے عارضی طور تعطل کا شکار ہو گیا تھا

چین کی ایک ٹیم پاکستان میں اپنے مقامی ہم منصبوں کیساتھ تحقیقات کے سلسلے میں مسلسل رابطے میں تھی۔ کیس میں پیش رفت کا خیر مقدم کرتے ہوئے، بیجنگ میں چینی وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا ہم پاکستانی کوششوں کو سراہتے ہیں

اسلام آباد (چیف رپورٹر) پاکستانی سیکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشت گردی کے سیل کو کامیابی سے تباہ کرنے اور کراچی یونیورسٹی میں 3 چینی اساتذہ کو ہلاک کرنے میں ملوث ماسٹر مائنڈ کے پکڑے جانے کے بعد پاکستان اور چین کے تعلقات دوبارہ مکمل طور پر بحال ہو گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق (ایم ایل ون) اپ گریڈیشن پروجیکٹ جو پاکستان میں چین کے بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کا سب سے بڑا منصوبہ ہے، اس میں 26 اپریل کے خودکش حملے کی وجہ سے عارضی طور تعطل کا شکار ہو گیا تھا، وہ منصوبہ بھی اب بحال کر دیا گیا ہے، اس سے قبل یہ منصوبہ فنڈنگ سے متعلق مسائل کی وجہ سے تاخیر کا شکار تھا۔ پاکستان کی وزارت ریلوے اور چین کے نیشنل ڈویلپمنٹ اینڈ ریفارم کمیشن (این ڈی آر سی) نے حال ہی میں اس منصوبے سے متعلق ایک میٹنگ کی اور دونوں فریق ان دنوں منصوبے کے مالیاتی طریقہ کار پر کام کر رہے ہیں۔ سینیٹ کی دفاعی کمیٹی کے چیئرمین مشاہد حسین سید نے انٹرویو میں کہا (بقیہ نمبر 35)

لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز انسداد ڈینگی کے حوالے سے پیشرفت کا جائزہ لینے سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

PDM اور اسٹیبلشمنٹ منصفانہ الیکشن نہیں چاہتے، عمران خان

نیوٹرلز کے ساتھ میری کوئی لڑائی نہیں اپنی فوج سے لڑنا نہیں چاہتا میں نے کون سی ریڈ لائن عبور کی ہے

اس لڑائی میں صرف ملک کمزور ہوگا، نیوٹرلز سے بات ہوئی تو ایک ہی موقف ہوگا فری اینڈ فیئر الیکشن ہو

لاہور (بیورو چیف) تحریک انصاف کے چیئرمین و سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ نیوٹرلز کے ساتھ میری کوئی لڑائی نہیں اپنی فوج سے لڑنا نہیں چاہتا میں نے کون سی ریڈ لائن عبور کی ہے اس لڑائی میں صرف ملک کمزور ہوگا، نیوٹرلز سے بات ہوئی تو ایک ہی موقف ہوگا فری اینڈ فیئر الیکشن ہو چوروں سے بھی اتحاد نہیں کروں گا حکومت گرفتار کرنا چاہتی ہے تو کر لے کوئی ڈر نہیں پیپلز پارٹی (بقیہ نمبر 39)

کرتار پور کے قریب تیز رفتار بس نے کار کو کچل ڈالا

ایک ہی خاندان کے چھ افراد جاں بحق، 10 مسافر زخمی

نارووال (این این آئی) شکر گڑھ روڈ پر کرتار پور کے قریب تیز رفتار بس نے کار کو کچل ڈالا جس کے نتیجے میں ایک ہی خاندان کے چھ افراد جاں بحق اور 10 مسافر زخمی ہو گئے، حادثہ کا شکار فیملی عید منانے لاہور سے اپنے آبائی گھر شکر گڑھ آ رہی تھی۔ بتایا گیا ہے کہ شکر گڑھ روڈ پر کرتار پور کے قریب کراراں والی پھاٹک پر خوفناک حادثہ پیش آیا جہاں پر لاہور سے عید کی خوشیاں منانے کے لیے آپنے آبائی شہر شکر گڑھ آنے والی فیملی کی کار کو تیز رفتار مسافر بس نے روند ڈالا جس کے نتیجہ میں کار میں سوار چار خواتین سمیت چھ افراد جاں بحق اور بس کے دس مسافر زخمی ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کے اہلکار موقع پر پہنچے۔

عید سے قبل اساتذہ کیلئے ایک اور بڑی خوشخبری

گیارہ ہزار اساتذہ اور 3 ہزار اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز کی منتقلی کا معاملہ

لاہور (بیورو چیف) 11 ہزار اساتذہ اور 3 ہزار اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز کی منتقلی کا معاملہ، سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے اساتذہ اور اسٹنٹ ایجوکیشن (بقیہ نمبر 40)



لاہور، گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان سے بیلجیم کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

سیاسی قصابوں نے مویشی منڈی کی رونق ختم کر دی

بیروزگاری عام ہے اور سرمایہ کاری نایاب۔ غریب گھریلو سامان بیچ رہا ہے، شیخ رشید

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ سیاسی قصابوں نے مویشی منڈی کی رونق ختم کر دی ہے۔ ٹوئٹر پر جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ بے روزگاری عام ہے اور سرمایہ کاری نایاب۔ غریب گھریلو (بقیہ نمبر 41)

بارش سے مری میں لینڈ سلائیڈنگ، پنڈی اسلام آباد کے نالوں میں طغیانی کا خدشہ

مون سون ہوائیں شدت کے ساتھ ملک میں داخل ہو رہی ہیں‘ ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) پی ڈی ایم اے نے شدید بارشوں کے پیش نظر مری میں لینڈ سلائیڈنگ اور پنجاب کے مختلف شہروں کے ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ ظاہر کیا ہے۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق مون سون ہوائیں شدت کے ساتھ ملک میں داخل ہو رہی ہیں جس کے باعث آج سے 12 جولائی کے دوران پنجاب کے مختلف علاقوں میں بارش کا امکان ہے، جس کے تحت راولپنڈی، گوجرانوالہ، سرگودھا، ساہیوال، فیصل آباد اور لاہور ڈویژن میں بھی بارش متوقع ہے۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق بارش سے اسلام آباد، راولپنڈی اور لاہور کے نشیبی علاقے زیر آب آنے کا خدشہ ہے، موسلادھار بارش کے باعث اسلام آباد، راولپنڈی اور گوجرانوالہ ڈویژن کے ندی نالوں میں طغیانی کا بھی خدشہ ہے۔

ملک میں بڑی عید پر مسالوں اور سبزیوں کے دام بھی بڑے ہو گئے، عوام پریشان

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں بڑی عید پر مسالوں اور سبزیوں کے دام بھی بڑے ہو گئے جس کے باعث مہنگائی سے پریشان عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق پیاز، ٹماٹر، لیموں، دھنیا اور ہری مرچ سمیت مختلف سبزیوں اور مسالہ جات کی قیمتوں میں اچانک دگنا تگنا اضافہ ہو گیا۔ فروش منہ مانگی قیمتیں وصول کرتے رہے

بلوچستان: طوفانی بارشوں کی تباہ کاریاں، ہلاکتوں کی تعداد 56 ہو گئی، 48 افراد زخمی

کوئٹہ (نامہ نگار) بلوچستان میں مون سون کی طوفانی بارشوں کے نتیجے میں ہونے والی تباہ کاریوں سے ہلاک ہونے والوں کی تعداد 56 ہو گئی ہے جبکہ 48 افراد زخمی ہو گئے ہیں۔ موسلا دھار بارش کے باعث خضدار، قلات، لسبیلہ، نصیر آباد، گوادر، پنجگور، تربت، آواران، بارکھان، بولان اور کوہلو کے مقامی ندی نالوں

مریم نواز 11 تا 15 جولائی مختلف اضلاع میں اجتماعات سے خطاب کریں گی

اسلام آباد (چیف رپورٹر) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز کے پنجاب کے اضلاع کے دوروں اور اجتماعات سے خطاب کا پروگرام جاری کر دیا۔ مریم نواز 11 جولائی سے 15 جولائی تک مختلف اضلاع میں اجتماعات سے خطاب کریں گی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے سماجی رابطوں کی ویب (بقیہ نمبر 51)

بجلی کا یونٹ 1 روپے 55 پیسے مہنگا کرنیکی منظوری

منظوری گزشتہ مالی سال کی دوسری سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں ہے

اسلام آباد (بیورو چیف) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے فی یونٹ بجلی 1 روپے 55 پیسے مہنگی کرنے کی منظوری دے دی، بجلی مہنگی کرنیکی منظوری گزشتہ مالی سال کی دوسری سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں ہے۔ نیپرا نے بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی درخواستوں پر سماعت پہلے ہی مکمل کر لی تھی۔ نیپرا کی طرف سے بجلی کی قیمت بڑھانے کا فیصلہ وفاقی حکومت کو بھیج دیا گیا ہے۔

ملک میں کورونا سے 7 اموات، شرح 3 فیصد سے زائد

اسلام آباد (بیورو چیف) ملک بھر میں کورونا کے مثبت کیسز کی شرح میں اتار چڑھا جاری ہے۔ قومی ادارہ برائے صحت کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں کورونا کے 22 ہزار 568 ٹیسٹ کیے گئے جن میں (بقیہ نمبر 46)

عیدالاضحیٰ پر عوام کی سہولت کیلئے یوٹیلیٹی اسٹورز کھلے رکھنے کا فیصلہ

عید کی خوشیوں کے دوران غریب طبقے کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے یہ قدم اٹھایا گیا ہے

ملک بھر کے عوام وفاقی حکومت کے ریلیف پیکیج سے مستفید ہو سکیں گے‘ ترجمان

اسلام آباد (بیورو چیف) وفاقی حکومت نے عوام کو سہولت فراہم کرنے کیلئے عیدالاضحیٰ کے موقع پر یوٹیلیٹی اسٹورز کھلے رکھنے کا فیصلہ کر لیا۔ تفصیل کے مطابق حکومت نے عیدالاضحیٰ کے تینوں روز ملک بھر میں یوٹیلیٹی اسٹورز کھلے رکھنے کا فیصلہ کر لیا، ترجمان نے بتایا کہ عید کی خوشیوں کے دوران غریب طبقے کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے یہ قدم اٹھایا گیا ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ ملک بھر کے (بقیہ نمبر 47)

سی ٹی ڈی کے پنجاب بھر میں آپریشنز، 6 مشتبہ دہشتگرد گرفتار

گرفتار مشتبہ دہشت گردوں میں واحد بھٹی، جمیل الرحمن، محمد عبداللہ و دیگر شامل ہے

لاہور (ہادی حسین سے) کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ) سی ٹی ڈی (نے پنجاب بھر میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران 6 مشتبہ دہشت گردوں کو حراست (بقیہ نمبر 48)

پنجاب میں حکومت سازی کا 17 جولائی کے بعد پتا چلے گا

سابق وزیراعظم عمران خان کو دیوار کے ساتھ کون لگا رہا ہے؟ چوہدری شجاعت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ق کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین نے کہا ہے کہ پنجاب میں حکومت سازی کا 17 جولائی کے بعد پتہ چلے گا۔ چوہدری شجاعت حسین نے کہا کہ 17 جولائی کو پنجاب میں صاف شفاف ضمنی الیکشن ہونا چاہئے۔

وزیراعظم کی مداخلت، پنجاب میں ایکسپورٹ سیکٹر کو 50 فیصد گیس بحال

موجودہ حکومت نے برآمدی شعبے کے لیے بجلی کا نیا ٹیرف بھی 9 سینٹ فی یونٹ مقرر کر دیا

9 سینٹ فی یونٹ بجلی کے ٹیرف کیساتھ آر ایل این جی برآمدی شعبے کو 9 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو کے حساب سے فراہم کی جائیگی

اسلام آباد (چیف رپورٹر) وزیر اعظم کی مداخلت پر پنجاب میں ایکسپورٹ سیکٹر کو 50 فیصد گیس 9 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو پر بحال، حکومت نے برآمدی شعبے کے لیے بجلی کا نیا ٹیرف بھی 9 سینٹ فی یونٹ مقرر کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف کی مداخلت کے بعد حکومت نے یکم سے 8 جولائی تک ایک ہفتے کے لیے گیس کی فراہمی کی بندش کے بعد پاکستان میں (بقیہ نمبر 49)

لاہور، وزیراعظم شہباز شریف سے انڈونیشیا کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

اللہ ملک کو قرض کی دلدل سے نکال دے

وزیراعظم کی حجاج کرام سے دعا کی اپیل، حج کی مبارکباد

اسلام آباد (چیف رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف نے حج اکبر کی سعادت حاصل کرنے والے حجاج کو مبارکباد پیش کی ہے۔ شہباز شریف نے اپنے ٹوئٹر (بقیہ نمبر 36)

وزیراعظم اور امیر قطر شیخ تمیم بن حمد الثانی کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ

وزیراعظم شہباز شریف نے امیر قطر شیخ تمیم بن حمد الثانی کو عیدالاضحیٰ کی مبارک دی

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر) وزیراعظم شہباز شریف اور امیر قطر شیخ تمیم بن حمد الثانی کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا جس میں دوطرفہ تعلقات سمیت باہمی (بقیہ نمبر 37)

پشاور پولیس اور ضلع خیبر پولیس کے پولیس میں کوئی فرق نہیں

جب ہماری ایک دوسرے کو ضرورت ہوگی تو ہم کارروائی کرینگے، ایس ایچ او ملک اکبر آفریدی

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) پشاور پولیس اور ضلع خیبر کے پولیس میں کوئی فرق نہیں دونوں ایک ہی آئی جی کے حکم کے مانند ہیں ایک ہی سی پی او کے حکم ماننے والے ہیں جمرود ایس ایچ

نوسرباز بیوپاری نے لمپی اسکن سے متاثرہ جانور کو کھال پر رنگ کر کے فروخت کر دیا

جہلم (نامہ نگار) پنجاب میں بیوپاری نے لمپی اسکن کا شکار جانور کی کھال پر رنگ کر کے فروخت کر دیا، جانور خریدنے والے کو اگلی صبح بیماری کا علم ہوا۔ عیدالاضحیٰ کے موقع پر عوام جذبہ ایمانی کیساتھ قربانی کیلیے جانور خرید رہے ہیں

برطانیہ کا نیا وزیراعظم، پاکستانی نژاد ساجد جاوید بھی دوڑ میں شامل

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانوی وزیراعظم بورس جانسن کے پارٹی عہدے سے مستعفی ہونے کے بعد نئے وزیراعظم کنزرویٹو پارٹی کے نئے قائد کا انتخاب بنے والے دنوں میں ہوگا۔ وزارت عظمیٰ سنبھالنے کی دوڑ میں کئی وزرا کے نام سامنے آئے ہیں،

والدین کو بچوں کا دوست بھی ہونا چاہیے‘ دعا زہرا

اگر سب کر کے مجھے مارنا چاہتے ہیں تو مجھے بتا دیں میں پہلے ہی مر جاؤں گی

لاہور (این این آئی) کراچی سے لاہور آ کر پسند کی شادی کرنے والی کم عمر لڑکی دعا زہرا نے شادی اور اغواء کے کیس کی کئی سماعتوں کے بعد والدین سے درخواست کی ہے کہ اب کورٹ کچہری کے چکر میں مزید نہ پھنسائیں۔ والدین کی مرضی کے خلاف شادی (بقیہ نمبر 38)

اتحادی حکومت نے 2 ماہ کے عرصے میں 16 کھرب 43 ارب روپے قرض لیا

اسلام آباد (بیورو چیف) وفاقی حکومت کے قرضے ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح 446 کھرب 38 ارب روپے سے تجاوز کر گئے۔ سٹیٹ بینک کی جانب سے مرکزی حکومت کے قرضوں کی جاری کردہ (بقیہ نمبر 43)

بدین میں آسمانی بجلی گرنے سے 2 افراد جاں بحق

بدین (این این آئی) بدین میں بارش کے دوران قدرتی آفات کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق بدین کے مختلف دیہی علاقوں میں آسمانی بجلی گرنے کے باعث 2 افراد جاں بحق ہوئے۔ پولیس کے مطابق گاؤں جانجو دھل میں آسمانی (بقیہ نمبر 44)

وطن واپسی پر حاجیوں کا ایئرپورٹس پر ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹ کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو چیف) حکومت نے حج کی ادائیگی کے بعد پاکستان واپس آنے والے حجاج کا ایئرپورٹس پر ریپڈ انٹیجن ٹیسٹ کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق وزارت صحت کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ کورونا وائرس کی جانچ کے لیے ایئرپورٹس پر حج کر کے واپس آنے والوں کے ریپڈ انٹیجن ٹیسٹ کیے جائیں گے،

بھارتی فوج کی بربریت 6 سال میں 1 ہزار 697 بے گناہ کشمیری شہید

6 سال کے دوران شہید ہونے والوں میں 37 خواتین اور 122 نوجوان لڑکے بھی شامل ہیں

شہیدوں میں سے 189 افراد کو جعلی مقابلوں اور دوران حراست مارا گیا۔ مقبوضہ وادی میں بھارتی فوجیوں نے پر امن مظاہرین پر وحشیانہ تشدد بھی کی

سرینگر (مانیٹرنگ ڈیسک) مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فوج کے مظالم کی داستانیں جاری ہیں، ظالم فوج نے 6 سال میں 1 ہزار 697 کشمیریوں کو شہید کر دیا۔ کشمیر میڈیا سروس نے حریت رہنما برہان مظفر وانی کی شہادت کے بعد سے اب تک کی رپورٹ جاری کر دی، کے ایم ایس کی رپورٹ کے مطابق 6 سال کے دوران شہید ہونے والوں میں 37 خواتین اور 122 نوجوان لڑکے بھی شامل (بقیہ نمبر 42)

توانائی بحران‘ مقامی وسائل کا استعمال کلیدی اہمیت کا حامل ہے

ہمیں توانائی کے ان تمام وسائل پر توجہ دینی چاہیے‘ مصدق ملک

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے پٹرولیم مصدق ملک نے کہا ہے کہ ہمیں توانائی کے ان تمام وسائل پر توجہ دینی چاہیے جو ہماری زمین پر پیدا کیے جا سکتے ہیں۔ وزیر مملکت برائے پیٹرولیم مصدق مسعود ملک نے گوادر پرو کو خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے کہا پاکستان کے توانائی کے بحران کو طویل عرصے تک حل کرنے میں مقامی وسائل کلیدی حیثیت رکھتے ہیں۔

اسلام آباد کی انتظامیہ کی جانب سے غیر قانونی طور پر لگائی گئی

مویشی منڈیوں کے خلاف گرینڈ آپریشن کے دوران 14 افراد کو گرفتار کر لیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد کی انتظامیہ کی جانب سے غیر قانونی طور پر لگائی گئی مویشی منڈیوں کے خلاف گرینڈ آپریشن کے دوران 14 افراد کو گرفتار کر لیا اور مویشیوں کو ایدھی اور سیلانی سنٹرز منتقل کر دیا ہے۔ اسلام آباد کی انتظامیہ نے ترنول، شاہپور موڑ، قاضی آباد، جھگی شاپ اور دیگر علاقوں میں قائم غیر قانونی مویشی منڈیوں کو مسمار (بقیہ نمبر 45)

صوبائی وزیر خواجہ سلیمان رفیق محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

NCOC نے حج سے واپسی پر کورونا منتقلی کا خدشہ ظاہر کر دیا

اسلام آباد (بیورو چیف) نیشنل کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر (این سی او سی) نے حج کے بعد سعودی عرب سے واپس آنے والوں کے ذریعے کورونا وائرس کی منتقلی کا خدشہ ظاہر کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 52)

مسلمانو نفرت سے دور ہو جاؤ اللہ سے ڈرتے رہو، خطبہ حج

میدان عرفات (مانیٹرنگ ڈیسک) دین اسلام کے اہم ترین رکن حج 2022 کا خطبہ میدان عرفات میں دیا گیا، خطیب شیخ محمد بن عبدالکریم العیسی کا کہنا تھا کہ مسلمانوں نفرت سے دور ہو جاؤ اللہ سے ڈرتے رہو، اسلام کی دعوت عام کرو، لوگوں کو (بقیہ نمبر 53)

یہ ضمنی الیکشن نہیں، پاکستان کے مستقبل کا فیصلہ ہوگا

1940 کی قرارداد کے وقت میرے والد مینار پاکستان پر موجود تھے، عمران خان

کہوٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ میرے والد اور والدہ تحریک پاکستان میں شامل تھے۔ (بقیہ نمبر 50)

عید الاضحیٰ مبارک
جامع مسجد عثمان غنیؓ
کھوکھر مارکیٹ علی پور اسلام آباد
عیدالاضحیٰ کی نماز صبح 7:15 بجے ادا کی جائے گی
پروفیسر حضرت علامہ مولانا محمد طارق صدیقی صاحب
نائب صدر اسلام آباد علماء کونسل انٹرنیشنل
0345-5201385



ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

سیاسی خلفشار، کب تک؟

پاکستان کے سیاسی افق پر موجود سیاسی خلجان وخلفشار انتہائی پریشان کن شکل اختیار کرتا جارہا ہے۔ اپوزیشن کا حکومت کو ہدف تنقید بنانا ہمیشہ سے سیاسی عمل کا حصہ رہا ہے۔ اسی طرح سیاسی جماعتوں کا ایک دوسرے سے اختلاف رائے جمہوری روایت کی دلیل مانا جاتا ہے۔ پاکستان کی سیاسی جماعتیں اوران سے وابستہ قیادت بھی ایک دوسرے پر تنقید اور اختلاف کا اظہار کرتی رہی ہیں۔ اختلاف رائے اور تنقید کا یہ عمل اصولی بنیادوں پر ہو تو اس سے سیاسی نظام اور جمہوری عمل کا تقویت ملتی ہے۔ دنیا بھر کی جمہوریتوں میں اختلاف رائے نے سماجی نظام کی اصلاح، معاشی ڈھانچے کے استحکام اور قومی ترقی میں غیر معمولی کردار ادا کیا ہے۔ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ وقت کے ساتھ یہ عمل اختلاف محض بنتا جارہا ہے۔ ایسے محسوس ہوتا ہے کہ ہماری سیاسی دانش نے عمومی طور پر تنقید اور اختلاف رائے کی حقیقت کو سمجھنے کی کوشش کی ہے نہ ہی اس کے مقاصد سے ہم آہنگ ہونے کا ارادہ رکھا ہے۔ عدم برداشت کی سوچ پر استوار اندھی تنقیص ہے جسے تنقید کا لبادہ پہنا دیا گیا ہے، مفادات کے گرد گھومتی مخالفت ہے جسے سیاسی موقف کا نام دے کر عامتہ الناس کو فکری انتشار میں مبتلا کیا جارہا ہے۔ بد قسمتی کی انتہاء ہے کہ سیاست میں سطحی اختلاف کی روش نے ریاستی اداروں کو بھی لپیٹ میں لینا شروع کر دیا ہے۔ سیاسی رہنما کسی جھجک یا ہچکچاہٹ محسوس کیے بغیر کھلے عام، عوام اجتماعات اور ذرائع ابلاغ پر عدلیہ اور عسکری اداروں کو سیاست میں گھسیٹنے کی کوشش کر رہے ہوتے ہیں۔ سابق وزیر اعظم عمران خان نے گذشتہ شام صحافیوں سے گفتگو میں ملک کو درپیش تمام سیاسی مسائل کا حل عام انتخابات کو قرار دیا۔ انہوں نے یہ بھی کہ عام انتخابات کے موضوع پر مذاکرات کے لیے ان کے دروازے سب کے لیے کھلے ہیں، اس کے ساتھ ہی انہوں نے اپنے سیاسی مخالفین کے ساتھ کسی صورت نہ بیٹھنے کی سوچ کا اظہار بھی کیا۔ تحریک انصاف کے سربراہ نے اشارتاً ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان کا نیوٹرلز سے کوئی اختلاف نہیں۔ کچھ اس قسم کے لفظی اظہاریے دیگر سیاسی جماعتوں کی قیادت بھی کرتی رہتی ہے تاہم زمینی حقائق یہ ہیں کہ سیاسی اختلافات اس حد تک شدید ہو چکے ہیں کہ نتیجے میں سماجی زندگی عدم برداشت کی انتہاء تک پہنچتی دکھائی دے رہی ہے۔ دوست، عزیز، رشتہ دار حتیٰ افراد خانہ تک سیاسی وابستگی کی بنیاد پر ایک دوسرے سے قطع تعلق کر لیتے ہیں۔ سیاسی اختلاف کی وجہ سے لڑائی، جھگڑے اور جان سے مار ڈالنے تک کے واقعات رونما ہو رہے ہیں۔ دوسری طرف سیاسی نظریات، سیاسی تربیت، جمہوری نظام کی نوعیت، اس کے حقیقی اثرات وثمرات کی بات کی جائے تو عالم یہ ہے کہ ملک و معاشرہ ان سب سے تہی دست دکھائی دے رہے ہیں۔ سیاست و جمہوریت کے نام پر جاری سرگرمیوں عام آدمی کو فائدہ پہنچ رہا ہے نہ اقتصادی نظام میں بہتری آ رہی ہے۔ قومی سلامتی، ملکی وقار، داخلی امن، نظام عدم، قانون کی بالادستی، احتساب، انتخابی عمل کسی بھی پہلو پر سیاسی نظام کے مثبت اثرات دور دور تک دکھائی نہیں دیتے۔ ملکی معاملات کی اصلاح، عام آدمی سیاسی تربیت اور جمہوری عمل کے اثرات کو معاشرے کی نچلی سطح تک منتقل کرنا سیاسی قیادت کی بنیادی ذمہ داریوں میں شامل ہوتے ہے۔ ہمارے یہاں اختلاف برائے اختلاف کے شور کو ناقابل برداشت حد تک بلند کر کے اقتدار و اختیار تک پہنچنا سیاسی مقاصد کا اول و آخر بنا ہوا ہے۔ انتہاء یہ ہے کہ اس منفی کھیل میں کسی نہ کسی شکل میں ریاستی اداروں کو بھی گھسیٹا جا رہا ہے۔ اختلاف، عدم برداشت، مفاد پرستی اور خود پرستی کو سیاست کا نام دے کر ملک و قوم کا حشر کر دیا گیا ہے، سمجھ سے باہر ہے کہ سیاسی میدان کے ذمہ دار کھلاڑی آخر کب تک خسارے وتباہی کے اس کھیل کو جاری رکھیں گے۔ اس میں دو رائے نہیں عام انتخابات ملکی کو درپیش مسائل کا ایک موثر حل ہیں لیکن اس کے لیے بہت ضروری ہے کہ سیاست میں تحمل، برداشت، رواداری اور دور اندیشی جیسے طرز عمل کو فروغ دیا جائے۔ ملکی سیاست جس خلفشار کا سامنا کر رہی ہے اور اس کے جو بھیانک اثرات مرتب ہو رہے ہیں ان کا تقاضا ہے کہ سیاسی و جمہوری نظام کی دعویدار قوتیں جوش کے دائرے سے نکل کر ہوش کے راستے کی جانب پیش رفت کریں۔ انتخابی عمل ہو یا انتخابی اصلاحات، انتخابی عمل کا تسلسل ہو یا پھر منتخب حکومتوں کی انتخابی مدت پوری ہونے جیسا معاملہ اسی صورت میں مثبت و تعمیری شکل اختیار کر سکے گا کہ جب سیاسی جماعتیں اور سیاسی رہنما درست سیاسی و جمہوری اسلوب اختیار کرنے پر آمادہ ہوں گے۔ ایسا نہیں کہ ملکی سیاست میں متحرک قومی جماعتیں اور رہنما سیاسی و جمہوری اقدار اور اصولوں سے آگاہ نہیں۔ انہیں معیشت، معاشرت، سلامتی امور سے منسلک قومی مسائل کا بھی بخوبی ادراک ہے۔

عید قربان اور صفائی نصف ایمان



تحریر۔۔۔رانا ابوبکر

مسلم امہ ہر سال ذی الحج کی دس تاریخ کو عید الاضحیٰ مذہبی جوش وجذبہ سے مناتی ہے۔ اس کے لئے پہلے سے قربانی کے جانور کی خریداری' قصائیوں کے انتظامات' گوشت کی تقسیم اور پھر مختلف ڈشوں کی تیاریاں یہ وہ سب مناظر ہیں جو ہر سال ہم اور آپ اس خصوصی موقع کے حوالے سے دیکھتے ہیں۔ عید الاضحیٰ کو عید الکبیر بھی کہا جاتا ہے۔ عید الاضحیٰ ایک انتہائی با مقصد اور یادگار دن ہے۔ جو کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی زبردست قربانی کی یادگار ہے اور اس حقیقت کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔ کہ اصل خوشی اور حقیقی لطف دنیا کے مال ومتاع اور چیزیں حاصل کرنے میں نہیں ہے بلکہ اپنے آپ کو مالک حقیقی کی رضا کے مطابق اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کر دینے میں ہے۔ قربانی کی اس یاد کو منانے کا مقصد بھی یہی ہے کہ مسلمانوں کے اندر قربانی کی وہی حقیقی روح، ایمان کی کیفیت اور اپنے ربّ کے ساتھ محبت و وفاداری کا جذبہ پیدا ہو، جس کا عملی مظاہرہ حضرت ابراہیمؑ کی پوری زندگی میں دیکھنے میں آتا ہے۔ اگر کوئی مسلمان اس شعور کے بغیر جانور قربان کرتا ہے، تو وہ اس جانور کا ناحق خون بہاتا ہے، جس کی اللہ کو کوئی ضرورت نہیں کہ قرآنِ پاک میں ارشاد ہے، ''اللہ کو ان جانوروں کا گوشت اور خون نہیں پہنچتا، بلکہ تمہارا تقویٰ پہنچتا ہے۔ قرآنِ کریم میں قربانی کا حکم ان الفاظ میں بیان کیا گیا ہے،'' ہر اُمّت کے لیے ہم نے قربانی کا ایک قاعدہ مقرر کر دیا ہے، تاکہ (اس اُمّت کے) لوگ ان جانوروں پر اللہ کا نام لیں، جو اس نے انھیں بخشے ہیں۔'' یہی عید الاضحیٰ کی اساس ہے کے نہ نمود ونمائش نہ ہی فخر وغرور اور نہ ہی مہنگے جانور خرید کر اترانے کا نام عید الاضحیٰ ہے۔ اور عید الاضحیٰ کی بنیاد میں یہ عنصر پنہاں ہے کے ہم معاشرے کے محروم طبقے کو نظر انداز نہ کریں۔ قربانی کا گوشت انھیں پہنچائیں تا کے انکی تنگدستی میں انکی مدد ہو سکے یہی وجہ ہے کے قربانی کے گوشت میں غربا کا ایک حصہ مقرر ہے۔ اسکے ساتھ رشتہ داروں اور قربت داروں کا خیال رکھنے کا بھی حکم ہے تا کے صلہ رحمی میں کوئی کمی نہ ہو عید الاضحیٰ اس روایت کا نام ہے کے اپنے عزیز رشتہ دار پڑوسیوں اور دوست احباب کی بھی مدد کریں والدین اور رشتہ داروں کے حقوق پورے کیئے جائیں تبھی رب کائنات کی خوشنودی حاصل ہو سکتی ہے۔ عید الاضحیٰ ہمارے ایمان میں اس اضافہ کا بھی ذریعہ ہے کہ انسان کی اصل شان اور بڑائی خود کو مکمل طور سے اللہ جل شانہ کی مرضی کے تابع کر دینے میں ہے اور اسی سے انسان اس کائنات کی مخلوقات میں اشرف بنتا ہے اور یوں ہر قسم کے وساوس اور شکوک وشبہات سے بچتے ہوئے اللہ کے احکام پر جان دینے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ آپ کہہ دیجئے کہ میری نماز' میری قربانی' میرا جینا' میرا مرنا اللہ رب العالمین کے لئے ہے۔ بحیثیت پاکستانی ہمارا فریضہ محض قربانی کر کے اور اسکا گوشت بانٹ کر ہی پورا نہیں ہوتا۔ عید الاضحیٰ کے مبارک موقع پر نمازِ عید کے بعد ملک کے طول وعرض میں قربانیوں کا عمل شروع ہوتا ہے جو 3 دن تک جاری رہتا ہے لیکن قربانی کے جانوروں کی گندگی اور آلائشوں سے تعفن اٹھنے کا سلسلہ کئی ہفتوں تک چلتا رہتا ہے۔ لوگ اپنے جانوروں کی غلاظتوں کو ذمہ داری سے ٹھکانے لگانے کے بجائے گلی محلے کی نکڑ پر گلنے سڑنے کے لیے ڈال دیتے ہیں جس سے نہ صرف گندگی وتعفن پھیلتا ہے بلکہ ماحولیاتی آلودگی میں اضافہ ہوتا ہے، بیماریاں پھیلتی ہیں۔ یہ ہمارا وہ بدترین اجتماعی رویہ ہے جسے سدھارنے میں ہمارے پیارے نبی ﷺ کا یہ فرمان بھی ہم پر اثر نہیں کرتا کہ 'صفائی نصف ایمان ہے' جس کا اطلاق انفرادی واجتماعی صفائی کے ہر شعبے پر ہوتا ہے لیکن ہم ہیں کہ ہمارے کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔ صفائی ستھرائی پر مامور ادارے وسرکاری ہرکارے جہاں اپنے کام میں سستی کرتے دکھائی دیتے ہیں وہیں عوام الناس کی طرف سے بھی صفائی کی انفرادی کوششوں کا شدید فقدان نظر آتا ہے۔ اگرچہ بنیادی طور پر یہ سرکاری اداروں اور اہلکاروں کی ہی ذمہ داری ہے کہ عید الاضحیٰ کے موقع پر صفائی کے انتظامات کو یقینی بنائیں لیکن اس حوالے سے عوام الناس بھی بری الذمہ نہیں ہو سکتے۔ عوام کو چاہیے کہ جس اہتمام سے وہ جانور خریدتے ہیں۔ اور ان کی خدمت کرتے ہیں۔ اسی اہتمام سے قربان کیے گئے جانوروں کی آلائشوں اور گندگی کو ٹھکانے لگانے کے لیے بھی انتظام کریں۔ سرکاری اداروں پر نہ رہیں، اس حوالے سے انفرادی کوشش کو اپنا فرض جانیں۔ یہ آپ کی گلی، آپ کا محلہ، آپ کا علاقہ اور آپ کا شہر ہے۔ یہ آپ کا پیارا پاکستان ہے۔ عید کے موقع پر یہ ایسے ہی صاف ستھرا دکھائی دینا چاہیے جیسے ہمارے گھر خوشی کے موقع پر چمک دمک رہے ہوتے ہیں۔ آیئے عہد کریں کہ ہم اس عید قربان پر صفائی کو یقینی بنائیں گے اور تاحیات ہر عید پر ایسا ہی کریں گے اور اپنی آئندہ نسلوں کو بھی یہی تربیت دیں گے۔ ان شاء اللہ

سوانح عمری سالار محمد شریف



انتخاب.. محمد وسیم شاد

ہم مہمان نہیں رونق محفل تھے۔ مدتوں یاد رکھو گے کوئی آیا تھا بزم میں.... آزاد کشمیر کی سیاست کا ایک بڑا نام آزاد کشمیر کی سیاست میں مرکزی کرداد سمجھے جانے والے چوہدری سالار محمد شریف مرحوم ایک عہد ساز شخصیت، ایک باوقار اور خوددار لیڈر، مظلوم اور پسے ہوئے طبقے کی جاندار آواز جسکا رعب ودبدبہ دہائیوں تک رہے گا سالار محمد شریف مرحوم 1936 میں موضع فندیوٹ کے گاؤں کٹھار میں پیدا ہوئے جو اسوقت آزاد کشمیر کے ضلع کوٹلی کے حلقہ راج محل میں سرحدی یونین کونسل گوئی بٹالی میں ہے۔ ان کے والد صاحب چوہدری شیر محمد پیشے کے اعتبار سے ایک تاجر تھے۔ 1956 میں انھوں نے پائلٹ ہائی سکول کوٹلی میں داخلہ لیا اور میٹرک تک تعلیم وہاں سے ہی حاصل کی۔ موضع فندیوٹ اور اس کے قریبی علاقے بٹالی، کنیٹ، ندھیری، برموچ، سہنی وغیرہ تب مقبوضہ کشمیر کا حصہ تھے، ہندوستانی فوج مقامی نمبرداروں کے ذریعے اس علاقہ کے لوگوں کو کنٹرول کرتی تھی، علاقے کے جاگیردار مختلف ٹیکسز اور مالیہ کی صورت میں علاقے کی مظلوم اور پست آبادی کو تنگ کرتے اور ہندوستانی فوج نے بھی ظلم و ستم کا بازار گرم کر رکھا تھا۔ بارڈرز پر اتنی سخت نگرانی نہیں تھی جسکی وجہ سے وہاں کے لوگوں کا آزاد کشمیر کے شہروں میں آنا جانا لگا رہتا تھا، لوگ محنت مزدوری اور تعلیم کے لیے آزاد کشمیر کی طرف آتے تھے۔ سالار محمد شریف بھی تعلیم کے سلسلہ میں کوٹلی میں مقیم تھے۔ 1958 میں وہ چھٹیاں گزارنے اپنے گھر واپس آئے۔ ایک شام انکے والد صاحب اپنے گھر موجود تھے۔ فندیوٹ گاؤں کی دو خواتین انکے گھر آئیں جن کا برا حال تھا۔ ہندوستانی فوج نے ان کے ساتھ ظلم وزیادتی کی، ان کا پورا جسم نوچا ہوا تھا انھوں نے اپنی روداد سنائی اور درخواست کی کے وہ کچھ پیسے دے دیں تاکہ نمبرداروں کو دیکر ہندوستان فوج سے انکے شوہروں کو چھڑا سکیں۔ یہ مناظر دیکھ کہ سالار محمد شریف کی غیرت جاگ اٹھی اور انھوں نے اپنے ساتھیوں محمد عالم، چوہدری دین محمد اور دیگر کے ساتھ اس ظلم وستم کے خلاف مسلح بغاوت کا آغاز کیا۔ انھوں نے اپنے ساتھیوں کو منظم کرنا شروع کر دیا۔ اسی دوران انکے والد محترم کی وفات ہو گئی اور ان کے لیے مشکلات مزید بڑھ گئی۔ انھوں نے ہمت نہیں ہاری اور اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر مقامی طور پر ایک ملیشیا تیار کی اور مسلح جدوجہد کا آغاز کیا۔ مقامی ملیشیا تیار کرنے کے بعد انھوں نے بذریعہ لوڈ سپیکر ہندوستانی فوج کو مطلع کر دیا کہ اب اگر وہ نالہ فندیوٹ کو کراس کریں گے تو سخت مزاحمت کی جائے گی۔ اسی دوران انھوں نے نالہ فندیوٹ کے اس پار بھی گوریلہ کاروائیوں کا آغاز کیا اور سب سے پہلے اس کیمپ پر حملہ کیا جہاں بیان کردہ خواتین کے ساتھ زیادتی ہوئی تھی اور ہندوستانی فوج کا کافی نقصان ہوا۔ مسلح جھڑپوں کا سلسلہ جاری رہا اور کافی حد تک ہندوستانی فوج کو پیچھے دھکیل دیا گیا۔ 1961 تک یہ سلسلہ جاری رہا اور اسی دوران انھوں نے آزاد کشمیر گورنمنٹ اور مقامی سطح پر تعینات پاکستان آرمی کی متصلہ کمپنی سے بھی رابطہ رکھا اور مدد کی اپیل کی۔ پاکستان آرمی نے ڈائریکٹ مداخلت سے معذرت کی لیکن مدد کی حامی بھری اور انکی ملاقات فیلڈ مارشل ایوب خان سے کروانے کے لیے انہیں مری لے جایا گیا۔ ایوب خان کے سامنے انھوں نے تمام حالات واقعات بیان کیے، ایوب خان نے ڈی سی میرپور اور بریگیڈ کمانڈر کوٹلی سے تمام واقعات کی تصدیق کی۔ ایوب خان نے انھیں بحثیت رضا کار کام کرنے کا کہا اور انھیں سالار یعنی کمپنی کمانڈر کا عہدہ دیا اور باقاعدہ تنخواہ مقرر کی اور تمام رضا کاروں کی بھی تنخواہ مقرر ہوئی۔ سالار محمد شریف نے اسلحے کا مطالبہ کیا تو انھوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے کسی ذمہ دار کی تصدیق کے بغیر اسلحہ نہیں دیا جا سکتا۔ اس وقت مجاہد اول سردار عبدالقیوم پر موجود تھے، انھوں نے ذمہ داری پر آمادگی ظاہر کی.. پھر مقامی کمپنی کو شفٹوں میں ٹریننگ کا آرڈر بھی کیا گیا یہ مسلح جدوجہد جاری رہی اس دوران 1965 اور 1971 کی جنگیں بھی ہوئیں لیکن مزکورہ علاقہ ان سالوں میں حالت جنگ میں رہا۔ کبھی ہندوستانی فوج سے جھڑپیں اور کبھی پاکستانی حکومتوں کی بدلتی ہوئی پالیسیز۔ UNO مشن سے بارڈر مارکنگ کے دوران جھگڑا ہوا وہ نالہ کنیٹ کو لائن آف کنٹرول بنانا چاہتے تھے۔ 1972 میں ہندوستان نے اس علاقے کو آزاد کشمیر کا حصہ تسلیم کیا، سالار محمد شریف نے اس فلیگ میٹنگ میں سابقہ بارہ تیرہ سال کا مالیہ کا ریکارڈ پیش کیا اور آخر کار یہ علاقہ آزاد کشمیر میں باقاعدہ شامل ہوا۔ انکے ساتھیوں کی جدوجہد رنگ لے آئی سالار محمد شریف مرحوم کی قائم کردہ کمپنی کو پاک فوج کا باقاعدہ حصہ بنا دیا گیا۔ پھر کچھ وجوہات کی بنا پر مقامی مجاھدین کو ڈسچارج کیا گیا تو سالار محمد شریف اس زیادتی کے خلاف ڈٹ گے۔ اپنے ساتھیوں سمیت وہ احتجاج کے لیے راولپنڈی پہنچ گے۔ احتجاج کے نتیجہ میں تمام مجاھدین کو بحال کیا گیا لیکن سالار محمد شریف نے دل برداشتہ ہو کر پنشن کے بغیر استعفی دے دیا اور دوبارہ ڈیوٹی پر بحال نہ ہوئے۔ اپنی عسکری زندگی کے دوران انھوں نے اپنے علاقے کی ترقی کے لیے بے شمار کام کیے۔ آرمی کی اجازت سے انھوں نے رضا کاروں اور مقامی آبادی کے ذریعے تتہ پانی سے سڑک کی تعمیر شروع کی اور گوئی سے ہوتے ہوئے کنیٹ تک سڑک کی تعمیر کروائی۔ اس سڑک کی تعمیر کے دوران بے شمار مسائل کا سامنا رہا۔ مقامی لوگوں سے بھی زمین کے معاملات میں ٹکراؤ ہوا لیکن وہ مرد آہن کہیں بھی نہیں رکا۔ نئے آزاد کردہ علاقے کے مسائل کے لیے سالار محمد شریف نے نے سیاست میں اترنے کا فیصلہ کیا۔ ذوالفقار علی بھٹو شہید کے دورہ مظفر آباد کے دوران وہ اپنے ساتھیوں سمیت ان سے ملے اور تمام حالات اور مشکلات سے ان کو آگاہ کیا۔ ذوالفقار علی بھٹو شہید نے ایک آرڈر کے ذریعے 15 پرائمری سکولوں کی منظوری دی اور مزید ترقیاتی کاموں کی ہدایت کی۔ اس آرڈر پر پوری طرح سے عمل نہ ہو سکا کیونکہ ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت کو جلد ہی مارشل لاء کے ذریعے ختم کر دیا گیا۔ ایکٹ 1974 کے تحت آزاد کشمیر میں پارلیمانی نظام نافذ ہوا تو یہ علاقہ حلقہ کوٹلی میں شامل کیا گیا۔ سالار محمد شریف نے کوٹلی حلقہ کے پہلے ممبر اسمبلی سید نثار شاہ کا ساتھ دیا۔ 1985 میں سالار جمہوریت سردار سکندر حیات کی دعوت پر انھوں نے اپنی عوام سمیت مسلم کانفرنس میں شمولیت اختیار کی اور تادم مرگ وہ اسی جماعت کا حصہ رہے۔ 1990 میں بلدیاتی الیکشن میں مسلم کانفرنس کے ٹکٹ پر وائس چیرمین ڈسٹرکٹ کونسل منتخب ہوئے اور علاقے میں تعمیر وترقی کا سلسلہ بلاتفریق جاری رہا۔ مسلم کانفرنس کے ملک محمد نواز کا سات الیکشنز میں بھرپور ساتھ دیا اور انکی کامیابی میں ہمیشہ سالار محمد شریف کا کلیدی کردار رہا۔ وہ مجاہد اول سرادر عبدالقیوم کے دست راست قریبی ساتھی تھے اور تادم حیات انھوں نے مجاہد اول کے ساتھ وفا نبھائی۔ اپنی سیاسی زندگی کے دوران انھوں نے اپنے علاقے میں بھرپور کام کروائے، ہر گاؤں میں سڑک، پرائمری سکولز، ہائی سکولز، انٹر کالج، پانی کے منصوبہ جات لنک روڈز اور دیگر عوامی فلاح وبہبود کے کام کاج کروائے ان کی زندگی کا ایک پہلو سماجی معاملات بھی تھا۔ عدل وانصاف اور مقدمات کے حل کے لیے اس علاقے میں وہ ایک معتبر منصف مانے جاتے تھے۔ مخالفین بھی انکی منصفانہ صلاحیتوں کا اعتراف کرتے ہیں۔ بہت سارے سنگین کیسز کے انھوں نے فیصلے کیے اور آج بھی ان کے فیصلوں کی مثال دی جاتی ہے۔ بے شمار مشکلات کے باوجود یہ عظیم شخص اپنے علاقے کی تعمیر وترقی اور اپنے لوگوں کی بھلائی کے لیے سرگرم عمل رہا اور آخرکار 7 جولائی 2021 کو راولپنڈی کے ایک نجی ہسپتال میں اپنے خالق حقیقی سے جا ملے اور قوم اپنے ایک عظیم لیڈر محروم ہوئی سالار محمد شریف کی خدمات کو صدیوں یاد رکھا جائے گا۔ قناعت پسندی، شکر، عاجزی انکی شخصیت کا خاصہ تھی۔ وہ عوام کے دلوں پر راج کرنے والی شخصیت تھے۔ ہم سالار محمد شریف مرحوم کی خدمات کے اعتراف میں انھیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور دعا گو ہیں اللہ پاک ان کو آپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے ..

قربانی کا مقصد

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

محبوب خدا سرتاج الانبیا کا فرمان ہے کہ ہم گروہ انبیا اپنے اپنے مراتب کے اعتبار سے امتحان کی صعوبتوں میں ڈالے جاتے ہیں حضرت ابراہیم خالق ارض وسما کے جلیل القدر پیغمبر تھے آپ کا مقام ومرتبہ جتنا بڑا تھا آپ پر اللہ تعالیٰ کی آزمائشیں بھی بہت کڑی تھیں۔ آپ کی پیدائش ایک بت پرست گھرانے میں ہوئی لیکن شروع سے ہی حضرت ابراہیم کو مالک کائنات نے رشد وہدایت کی نعمت سے نوازا تھا آپ کی پہلی آزمائش تو آپ کا والد تھا جو بت پرست ہونے کے ساتھ ساتھ بت تراش بھی تھا لہذا حضرت ابراہیم نے پہلی دعوت اپنے والد کو دی جو والد نے سختی سے رد کر دی اور گھر سے نکال دیا آپ نے دوسری دعوت حق اپنی قوم کو دی انہوں نے بھی سختی سے انکار کر دیا ظالم بادشاہ نے اپنے دربار بلایا تو آپ نے وہاں بھی حق کی آواز کو بلند کیا اور توحید پرستی کی دعوت دی بادشاہ کا مزاج برہم ہوا گستاخی کی سزا یہ ٹھہری کہ آپ کو آگ کے بڑے آلا میں ڈال دیا جائے آپ کو آگ میں ڈالا گیا لیکن آپ نے خدا کے دامن اور حق پرستی کو نہ چھوڑا اسی سال کی عمر میں خدا کے حکم پر خود ہی اپنے ختنے کر ڈالے اپنا سارا مال و دولت مہمان نوازی اور خدا کی راہ میں خرچ کر دیا اپنی قوم سے مایوس ہو کر اپنا پیارا وطن چھوڑ کر سرزمین فلسطین میں آباد ہوئے پھر بڑھاپے میں 86 برس کی عمر میں اللہ تعالیٰ نے بیٹا عطا کیا جس کا نام حضرت اسماعیل رکھا گیا اب ایک اور کڑا امتحان منتظر تھا اللہ کے حکم پر بڑھاپے کی پونجی حضرت اسماعیل اور بیوی کو اپنے سے دور فاران خاران کے بیابانوں میں چھوڑ آئے درج بالا تمام آزمائشوں سے حضرت ابراہیم سرخرو ہوئے اب ایک اور بڑی آزمائش کی تیاری تھی۔ حضرت ابراہیم تین مسلسل شب سے یہ خواب دیکھ رہے تھے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہماری راہ اپنی محبوب ترین شے اپنے بیٹے کی قربانی دے۔ حضرت ابراہیم اچھی طرح جانتے تھے ان کی محبوب ترین شے بڑھاپے کی اکلوتی اولاد ان کا بیٹا اسماعیل ہے چونکہ انبیا کا خواب وحی الٰہی اور حکم الٰہی ہوتا ہے جو کبھی بھی غلط یا جھوٹا نہیں ہو سکتا اس لئے حضرت ابراہیم بھی ہمیشہ کی طرح تسلیم و رضا کے پیکر بن گئے پہلے تو ہر بار ذات اپنی ہوتی تھی لیکن اس بار آزمائش کا دوسرا جز بیٹا تھا جس کی قربانی کا حکم دیا گیا اس لئے آپ نے بہتر سمجھا کہ اپنے بیٹے کو تمام بات بتائی جائے پھر اپنا خواب اپنے بیٹے کو سنایا تا کہ وہ بھی رضا مند ہو جائے۔ حضرت ابراہیم نے اپنے بیٹے سے کہا میرے پیارے بیٹے میں خواب میں اپنے آپ کو تجھے ذبح کرتے ہوئے دیکھ رہا ہوں اب تو بتا تیری رائے اور مرضی کیا ہے۔ فرماں بردار بیٹے نے خدا کے آگے سر تسلیم خم کر دیا اور کہنے لگا کہ اگر خدا کی یہی مرضی ہے تو انشاءاللہ آپ مجھے صابر اور فرماں بردار پائیں گے اس گفتگو کے بعد بیٹا قربان ہونے اور باپ اللہ کی راہ میں بیٹے کو قربان کرنے کیلئے جنگل کی طرف روانہ ہو گئے۔ باپ نے بیٹے کی مرضی کے بعد چھری کو تیز کیا۔ بیٹے کو مذبوح جانور کی طرح ہاتھ پیروں سے باندھ دیا پھر حضرت ابراہیم نے گدی کی طرف سے ذبح کرنے کا ارادہ کیا تھا تا کہ بوقت ذبح وہ اپنے محبوب بیٹے کا چہرہ نہ دیکھ سکیں۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ انہوں نے بیٹے کو عام جانوروں کی طرح پہلو کے بل لٹایا تھا اور اس کی پیشانی ایک جانب سے زمین کے ساتھ ملی ہوئی تھی مفسرین کا کہنا ہے کہ جب حضرت ابراہیم نے بیٹے کے حلق پر چھری چلا دی اور اپنی زندگی کی سب سے بڑی آزمائش میں بھی سرخرو ہو گئے لیکن چھری چلانے سے کچھ بھی نہ کٹا تو اس وقت خالق کائنات کی طرف سے آواز آئی اے ابراہیم یقیناً تو نے اپنے خواب کو سچا کر دکھایا یعنی ہم آپ کی جو جو آزمائش کرنا چاہتے تھے وہ مکمل ہو چکی حضرت ابراہیم اللہ تعالیٰ کی ہر آزمائش میں ثابت قدم اور کامیاب نکلے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا یقیناً یہ کھلا امتحان تھا اور فرمایا ہم نے ایک بڑا ذبحہ اس کے فدیہ میں دیدیا۔ اب لڑکے کو چھوڑ اور تیرے پاس جو یہ مینڈھا کھڑا ہے اس کو اپنے محبوب بیٹے کے بدلے میں ذبح کر ہم نیکو کاروں کو اسی طرح اپنی رحمتوں اور نوازشوں سے نوازتے ہیں۔ لہذا حضرت ابراہیم نے حکم خداوندی کی تعمیل کی اور اس مینڈھے کو ذبح کیا۔ رب ذوالجلال کو حضرت اسماعیل کی فرماں برداری اور حضرت ابراہیم کی یہ عظیم قربانی ادا اور عبادت اتنی پسند آئی کہ بطور یادگار کے ہمیشہ کیلئے ملت ابراہیم کا شعار قرار پائی اور آج بھی ذی الحجہ کی دس تاریخ کو تمام دنیا اسلام میں یہ قربانی اور شعار اسی طرح منایا جاتا ہے۔ قربانی، قربان، قربت اور قرب تمام مترادف الفاظ ہیں جس کا مطلب ہے کسی کے نزدیک ہونے کی کوشش، کسی کو راضی کرنا اور کسی کی توجہ چاہنا کوئی ایسی عبادت الفاظ یا کام کرنا جن سے کسی کی توجہ حاصل کی جا سکے یا کسی کے قریب ہوا جا سکے جس دن سے حضرت انسان کرہ ارض پر آباد ہوا ہے اسی دن سے ہی قربانی کا تصور بھی ملتا ہے۔ جیسا کہ قرآن مجید میں حضرت آدم کے دو بیٹوں ہابیل اور قابیل کی قربانی کا ذکر ملتا ہے فلسفہ قربانی اللہ تعالیٰ کی رضا اور حصول تقوی ہے۔ فرمان باری تعالیٰ ہے اللہ کی بارگاہ میں قربانی کے جانوروں کے گوشت اور خون نہیں پہنچتے بلکہ تمہارا تقوی پہنچتا ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی عنایات پر اظہار تشکر کے طور پر اپنے حلال مال میں سے اللہ کا قرب حاصل کرنے کیلئے اللہ کی راہ میں قربانی کرنا، قربانی کی فضیلت بہت زیادہ ہے۔ امام ترمذی اماں جی عائشہ سے ایک روایت فرماتے ہیں کہ شہنشائے دو عالم محبوب خدا شافع محشر ساقی کوثر نے فرمایا کہ قربانی کے دن اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں انسان کا کوئی عمل خون بہانے (قربانی کرنے) سے زیادہ پسندیدہ نہیں ہے قربانی کا جانور قیامت کے دن نیکیوں کے پلڑے میں اپنے سینگوں، بالوں، کھروں اور رگ و ریشہ سمیت آپ کا اور قربانی کے جانور کا خون زمین پر گرنے سے پہلے اللہ کی بارگاہ میں قبول ہو جاتا ہے۔ قربانی کا اصل فلسفہ تقویٰ کا حصول اور محبوب کو راضی کرنے کی کوشش ہے اگر تو ہم اسی جذبے اور شوق سے قربانی کریں گے تو یقیناً بارگاہ الٰہی میں قبولیت کی سند پائے گی اور اگر ہم بڑے جانور لوگوں پر اپنا رعب ڈالنے کیلئے معاشرے کو اپنی دولت کی نمائش کرنے کیلئے کریں گے تو ہم روز محشر قربانی کے ثواب سے محروم رہیں گے۔ فلسفہ قربانی یہ بھی ہے کہ خدائے بزرگ و برتر کی رضا کیلئے ہر کام کر جانا اپنی قیمتی سے قیمتی شے کو ایک لمحے سے بھی پہلے اس کے حضور قربان کر دینا قربانی کا مقصد رب ذوالجلال کو راضی کرنا ہے اس کی اطاعت کرنا ہے اس کی نعمتوں کا شکر ادا کرنا ہے نہ کہ دنیاوی شان و شوکت کہ لوگوں پر اپنی دولت کا رعب ڈالا جا سکے۔

شوبز کارنر

یاسر نواز کا اپنی فلم ''چکر'' یوٹیوب پر ریلیز کرنے کا اعلان

فلم کو یوٹیوب پر ریلیز کرنا ان کی جانب سے مداحوں کے لیے عید کا تحفہ ہوگا



لاہور (این این آئی) اداکار، ہدایتکار و پروڈیوسر یاسر نواز نے رواں برس عید الفطر پر ریلیز کی گئی فلم ''چکر'' کو عید الاضحیٰ پر یوٹیوب پر ریلیز کرنے کا اعلان کر دیا۔ فلم کے پروڈیوسرز یاسر نواز اور ندا یاسر نے انسٹاگرام پر جاری کردہ مختصر ویڈیو میں بتایا کہ وہ اپنی فلم کو عید الاضحیٰ کے پہلے دن پر یوٹیوب پر ریلیز کریں گے۔ ویڈیو میں ندا یاسر نے بتایا کہ مداحوں نے ان سے پرزور فرمائش کی تھی کہ فلم کو یوٹیوب پر جاری کیا جائے جس کے بعد اس عید پر فلم کو یوٹیوب پر پیش کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ فلم کو یوٹیوب پر ریلیز کرنا ان کی جانب سے مداحوں کے لیے عید کا تحفہ ہوگا۔

استادوں کی عزت کی وہ کبھی ناکام نہیں ہوئے' سید نور

فلم کی کہانی لکھنے، فلم بندی کے حوالے سے جو کچھ سیکھا ہے وہ نئی نسل کو منتقل کر رہا ہوں



لاہور (این این آئی) فلم انڈسٹری کے نامور ہدایتکار سید نور نے کہا کہ میری کامیابیوں میں سب سے بڑا ہاتھ میرے اساتذہ کا ہے اور میں برملا کہتا ہوں کہ میں آج جس بھی مقام پر ہوں اس میں میرے سینئرز اور اساتذہ کا بہت بڑا ہاتھ ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے طور پر فلم انڈسٹری کو اچھی فلمیں دینے کی کوشش کی اور اس میں مجھے میری توقع سے زیادہ کامیابی بھی ملی۔ انہوں نے کہا کہ جن لوگوں نے اپنے استادوں کی عزت کی ہے وہ زندگی میں کبھی ناکام نہیں ہوئے اس کی بڑی مثال میری اپنی ذات ہے۔

مہیش بھٹ کا اپنے گھر کی خواتین سے ڈرنے کا اعتراف

جو مرد اپنی خاتون پارٹنر کی بات پر کان نہیں دھرتے وہ تکلیف اٹھاتے ہیں، ریا چکروتی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف ہدایتکار اور فلمساز مہیش بھٹ نے اعتراف کیا ہے کہ وہ اپنے گھر کی خواتین سے ڈرتے ہیں۔ اپنی 30 ویں سالگرہ منانے والی آنجہانی اداکار سوشانت سنگھ کی سابق گرل فرینڈ اداکارہ ریا چکروتی کیساتھ میوزیکل، رومانٹک ڈرامہ فلم جلیبی کی تشہیر کے دوران ایک انٹرویو میں مہیش بھٹ نے خواتین کی ذہانت اور فیصلہ سازی کی تعریف کی۔ اس دوران گفتگو میں ایک سوال کے جواب میں ریا چکروتی نے رشتوں میں جھگڑے اور تناؤ سے بچنے کیلئے ایک ٹپ شیئر کی اور کہا کہ مردوں کو اچھی زندگی اور عورت سے تعلق میں تناؤ سے بچنے کیلئے ان کی بات سننی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جو مرد اپنی خاتون پارٹنر کی بات پر کان نہیں دھرتے وہ تکلیف اٹھاتے ہیں، دیکھیں، ہم جانتے ہیں کہ کیا کر رہے ہیں،

بیوٹی پارلر پر 75 فیصد رعایت ملے گی' رابی پیرزادہ

لاہور (این این آئی) شوبز کو خیر باد کہنے والی رابی پیرزادہ نے عید الاضحیٰ پر کم وسائل رکھنے والی خواتین کیلئے اپنے بیوٹی پارلر پر 75 فیصد رعایت دینے کا اعلان کر دیا، یہاں سے حاصل ہونے والی آمدن مستحق افراد کے لئے شروع کیے گئے مختلف منصوبوں میں خرچ کی جائے گی۔ اس حوالے سے رابی پیرزادہ کا کہنا ہے کہ میں نے اپنے بیوٹی پالر پر 75 فیصد رعایت دینے کا اعلان کیا جس کا مقصد صرف یہ ہے کہ وہ خواتین بھی میک اپ کروا سکتی ہیں جن کے پاس زیادہ پیسے نہیں ہوتے۔ یہاں سے جو بھی آمدنی ہوگی وہ مستحق افراد کی فلاح و بہبود پر خرچ ہوگی

ثناء بولڈ شوٹ کی وجہ سے شدید تنقید کی زد میں آ گئیں

'شوبز کے جو بھی لوازمات ہوتے ہیں انہیں پورا کرنا میرے فن کا تقاضہ ہے'

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ ثناء بولڈ شوٹ کی وجہ سے شدید تنقید کی زد میں آ گئیں۔ تفصیلات کے مطابق اداکارہ ثناء نے ایک بولڈ فوٹو شوٹ کرا کے اس کی تصاویر سوشل میڈیا پر اپ لوڈ کی تھیں جس پر انہیں شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ سوشل میڈیا صارفین کا کہنا ہے کہ ثناء کو اس طرح کے غیر مناسب لباس کے شوٹ نہیں کرانا چاہیے تھا۔ اداکارہ ثناء نے اپنے ردعمل میں کہا کہ میں نے ایسا کوئی شوٹ نہیں کرایا جس سے بلا وجہ تنقید کی جائے۔ میں شوبز کا حصہ ہوں اور شوبز کے جو بھی لوازمات ہوتے ہیں انہیں پورا کرنا میرے فن کا تقاضہ ہے، جو لوگ تنقید کر رہے ہیں۔

صفائی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتی، صبا قمر

چاہتی ہوں میری زندگی میں شامل مرد بھی صاف ستھرا ہو، اداکارہ

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ صباء قمر نے کہا ہے کہ اکثر لوگ سیٹ پر ڈیزائنر کے پاس سے آئے کپڑے پہن لیتے ہیں لیکن میں نہیں پہنتی، میں کروڑوں کی چیزیں بھی چھوڑ کر چلی جاؤں گی لیکن صفائی پر کمپرومائز نہیں کروں گی۔ ایک انٹرویو میں پاکستانی اداکارہ صبا قمر نے اپنی زندگی میں صفائی کی اہمیت پر گفتگو کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسا ہوتا ہے اکثر کہ لوگ سیٹ پر ڈیزائنر کے پاس سے آئے کپڑے پہن لیتے ہیں لیکن میں نہیں پہنتی، میں کروڑوں کی چیزیں بھی چھوڑ کر چلی جاؤں گی لیکن صفائی پر کمپرومائز نہیں کروں گی۔ صبا قمر نے کہا کہ یہ میرے لئے نخرہ نہیں ہے بلکہ بنیادی اصول ہیں اور میں چاہتی ہوں میری زندگی میں شامل مرد بھی صاف ستھرا ہو، میری ایک بہت بری عادت ہے کہ اگر کوئی شخص میرے پاس سے گزرے تو میں اس کی خوشبو محسوس کرتی ہوں۔

اداکار صائمہ نور نے انسٹا گرام اکاؤنٹ بنا لیا

'مداحوں کی پروز فرمائش پر اکاؤنٹ بنایا ہے' اداکارہ

لاہور (این این آئی) پاکستانی فلم اور ڈرامہ انڈسٹری کی معروف اداکارہ صائمہ نور نے انسٹا گرام اکاؤنٹ بنا کر مداحوں کے لیے پہلا ویڈیو پیغام جاری کر دیا۔ صائمہ نور نے saima.syednoor کے نام سے اکاؤنٹ بنایا ہے اور اس پر تقریباً 9 ہزار فالوورز ہیں۔ ویڈیو پیغام میں صائمہ نور نے کہا کہ بالآخر میں نے انسٹا گرام پر اکاؤنٹ بنا لیا ہے، مداح اکثر کہتے تھے کہ مجھے انسٹا گرام پر آنا چاہیے، مداحوں کی پروز فرمائش پر اکاؤنٹ بنایا ہے۔ اداکارہ نے بتایا کہ اس اکاؤنٹ کو میں خود دیکھوں گی اور خود ہی چلاؤں گی۔

کھیل کھلاڑی

پاکستان کے ٹاپ پر پہنچنے کا راستہ بے حد دشوار

لاہور (سی ایم لنکس) ٹیسٹ چیمپئن شپ میں پاکستان کے ٹاپ پر پہنچنے کا راستہ بے حد دشوار ہے جب کہ ٹیم رواں دورانیے میں باقی تمام 7 میچز جیت کر فائنل کھیلنے کا اعزاز پاسکتی ہے۔ پاکستان کرکٹ ٹیم ٹیسٹ چیمپئن شپ میں اگلی مہم جوئی کیلیے سری لنکا پہنچ چکی جہاں پر 2 میچز شیڈول ہیں۔ بھارتی سائیڈ انگلینڈ کے ہاتھوں ایجبسٹن ٹیسٹ میں شکست اور سلو اوور ریٹ پر پوائنٹس کی کٹوتی سے پانچویں نمبر پر چلی گئی جس کا براہ راست فائدہ پاکستان کو پہنچا، ٹیم نے چوتھی پوزیشن سنبھال لی ہے، اس کے ساتھ ہی چیمپئن شپ ٹیبل کے ٹاپ پر پہنچنے کا روڈ میپ بھی واضح ہو گیا۔ گرین کیپس کو رواں دورانیے میں اب 3 ٹیسٹ سیریز کھیلنی ہیں، سری لنکا سے 2 میچز کے بعد انگلینڈ سے 3 اور نیوزی لینڈ سے بھی 2 میچز شیڈول ہیں، اگر ٹیم تمام ساتوں ٹیسٹ میں کامیابی حاصل کرے تو پرسنٹیج 68 فیصد سے زائد ہونے سے وہ ٹاپ پوزیشن سنبھال لے گی لیکن اگر ایک میچ میں شکست یا مقابلہ ڈرا ہوا تو پھر پرسنٹیج 68 فیصد سے کم ہو سکتی ہے۔ دوسری جانب اگر بھارت بنگلہ دیش سے 2 اور آسٹریلیا سے ہوم سیریز کے 4 میچز جیت گیا

ایشیاء کپ کس ملک میں منعقد ہوگا؟ بڑی خبر آ گئی

ایشیاء کپ 2020 کا ایڈیشن کورونا کی وجہ سے منسوخ ہو گیا تھا

دبئی (سی ایم لنکس) ایشیاء کپ 2022 اپنے شیڈول کے مطابق سری لنکا میں ہوگا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) کی جانب سے سری لنکا کو گرین سگنل مل گیا، ایشیاء کپ شیڈول کے مطابق سری لنکا میں ہی کھیلا جائے گا، ایونٹ کے باضابطہ شیڈول کا اعلان جلد کیا جائے گا۔ یاد رہے کہ سری لنکا میں معاشی بحران کے بعد سیاسی بحران شدت اختیار کر گیا جس کے بعد ایشیاء کپ 2022 کسی اور ملک منتقل کرنے پر غور کیا جارہا تھا۔ ایشیاء کپ ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں کھیلا جائے گا، جس میں پاکستان، بھارت، سری لنکا، افغانستان اور بنگلہ دیش پہلے ہی ٹورنامنٹ میں اپنی جگہ بنا چکے ہیں جبکہ یو اے ای، نیپال، عمان، ہانگ کانگ کوالیفائنگ راونڈ میں شامل ہے۔ ایونٹ 27 اگست سے 11 ستمبر تک کھیلا جائے گا، ایشیاء کپ کا کوالیفائنگ راونڈ 21 اگست سے شروع ہوگا۔

گھریلو تنازع پر کبڈی کھلاڑی میدان میں قتل

لاہور (سی ایم لنکس) لاہور کے علاقے کاہنہ میں گھریلو تنازع پر کبڈی کھلاڑی کو میدان میں قتل کر دیا گیا۔ میچ کے اختتام پر کبڈی کھلاڑی وقاص گجر میچ کے بعد میدان میں مداحوں کے ساتھ تصاویر بنوا رہا تھا کہ اچانک ایک شخص پیچھے سے سر پر گولی مار کر وقاص کو قتل کر دیا جس کی فوٹیج بھی منظر عام پر آ گئی ہے۔ کبڈی کھلاڑی سر پر گولی لگنے کے باعث موقع پر ہی دم توڑ گیا جبکہ پولیس نے قتل کا مقدمہ مقتول کے بھائی محمد عباس کی مدعیت میں درج کر لیا ہے جس میں تین افراد کو نامزد کیا گیا ہے۔

ثانیہ مرزا کا ومبلڈن اوپن ٹینس مکسڈ ڈبلز سیمی فائنل میں سفر تمام ہو گیا

لندن (سی ایم لنکس) بھارتی نامور ٹینس سٹار ثانیہ مرزا اور ان کے کروشین جوڑی دار میٹ پاویک کا رواں سال کے تیسرے گرینڈ سلام ومبلڈن اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے مکسڈ ڈبلز مقابلوں کے سیمی فائنل میں سفر تمام ہو گیا۔ ان کو مکسڈ ڈبلز سیمی فائنل میچ میں برطانوی ٹینس سٹار نیل سکوپسکی اور ان کی امریکی جوڑی دار میری کراؤزیک نے شکست دی۔

بقیہ 1

قانون کی مخالفت کی تھی اور پیکا ترامیم کو منظور نہیں ہونے دیا۔ میڈیا مخالف قوانین بنانے سے سیاسی جماعتوں کو ہی نقصان پہنچتا ہے۔ کوئی بھی حکومت قانون سازی کرتے وقت ذہن میں رکھے کہ کل وہ بھی اپوزیشن میں ہوسکتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جمہوری حکومت میں صحافیوں پر مارشل لاء طرز کے آمرانہ استحصالی اقدامات کی شدید مذمت کرتے ہوئے سینئر اینکر عمران ریاض خان کی گرفتاری کو غیر آئینی، غیر قانونی، غیر اخلاقی اور ریاستی جبر قرار دیا ہے اور انہیں فی الفور رہا کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 02 جولائی کو سینئر صحافی اور تجزیہ کار ایاز امیر پر نامعلوم افراد نے حملہ کر کے انہیں زدوکوب کیا۔ اس سے قبل 30 جون کو لاہور میں تحقیقاتی صحافی احمر شاہین پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا اور ان کا لیپ ٹاپ لے گئے، چارسدہ کے علاقے شبقدر میں صحافی افتخار احمد کو فائرنگ کر کے شہید کیا گیا۔ جبکہ کئی صحافیوں کو جان لیوا دھمکیوں اور مقدمات کا سامنا ہے۔ صحافیوں پر حملوں، دھمکیوں اور جان سے مارنے کے واقعات کا تسلسل انتہائی تشویشناک ہے، جبکہ پاکستان صحافیوں کے لئے انتہائی خطرناک ملک اور صحافت ایک سنگین جرم کی حیثیت اختیار کر گیا ہے۔ جبکہ ایک صحافی حق و سچ لکھنے اور رائے کے اظہار کا حق رکھتا ہے اور عوامی رائے عامہ ہموار کرنے کا اہم ذریعہ ہے۔ حکومت بزدلی کا مظاہرہ نہ کرے اور آزادی اظہار رائے پر پابندی لگانے کی کوشش نہ کرے۔ سی پی این ای کے صدر کاظم خان نے وفاقی حکومت، صوبائی حکومتوں اور ریاستی اداروں سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ صحافیوں اور ان کے اہل خانہ کو تحفظ فراہم کیا جائے اور صحافیوں کو دھمکانے اور حملوں میں ملوث افراد کو گرفتار کر کے قانون کے مطابق سزا دی جائے۔

بقیہ 2

خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا، ایس پی پوٹھوہار رانا عبدالوہاب کا کہنا تھا آتش بازی کرنے والوں اور آتش بازی کے سامان کی فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جائے گی۔

بقیہ 3

جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔

بقیہ 4

درج کر کے ملزم محمد علی کو گرفتار کرلیا، ایس ایچ او نے بتایا کہ متاثرہ بچی کا میڈیکل پراسیس کروایا جا رہا ہے، ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، ایس پی صدر احمد زنیر چیمہ نے کلرسیداں پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ بچوں اور خواتین کے ساتھ زیادتی، تشدد جیسے پر واقعات پر زیرو ٹالیرنس پالیسی ہے۔

بقیہ 5

کارروائیاں کرتے ہوئے گندم اور آٹے سے لدے ٹرک سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی، نصیر آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ٹرک ڈرائیور ارباب کو گرفتار کر کے 28 ٹن آٹا برآمد کیا، جبکہ ٹیکسلا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سوزوکی ڈرائیور ضیاء کو گرفتار کر کے 75 تھیلے آٹا برآمد کیا، ایس پی پوٹھوہار رانا عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ غیر قانونی گندم اور آٹے کی ترسیل کرنے والوں کے خلاف کارروائیوں کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

بقیہ 6

آباد پولیس نے ملزم سیف الرحمان سے 220 گرام چرس، ریس کورس پولیس نے ملزم زین اکرام سے 220 گرام چرس، ٹیکسلا پولیس نے ملزم احتشام سے 10 لیٹر شراب، جبکہ صدر واہ پولیس نے ملزم دانش سے 02 بوتل شراب برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 7

مصطفیٰ تنویر کی زیر صدارت اجلاس منعقد کیا گیا جس میں عیدالاضحیٰ کی چھٹیوں کے دوران موٹر سائیکل استعمال کرنے والے اور دیگر شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے اور ان کو حادثات سے محفوظ رکھنے کے لئے خصوصی اقدامات کرنے پر زور دیا گیا، اس سلسلے میں خصوصی طور پر ون ویلنگ کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا فیصلہ کیا گیا ہے، ون ویلنگ کرنے والے موٹر سائیکل سواروں، روڈ پر ہلڑ بازی اور فیملی کے ساتھ سفر کرنیوالے شہریوں سے بدتمیزی کرنیوالے اور بغیر سائلنسر کے موٹر سائیکل سواروں کے خلاف کریک ڈاؤن کے لئے بڑی شاہراہوں پر خصوصی سکواڈ اور اسلام آباد کی مختلف اہم شاہراہوں پر ناکہ جات لگائے جائیں گے۔ اس موقع پر ایس ایس پی ٹریفک نے کہا کہ شہریوں سے ہر حال میں شائستگی اور مہذب انداز میں پیش آئیں، اور بلا امتیاز قانون کی پاسداری کو یقینی بنایا جائے، انہوں نے مزید شہریوں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ون ویلنگ ایک خطرناک اور جان لیوا کھیل ہے، جس کی اسلام آباد کیپٹل پولیس ہرگز اجازت نہیں دے گی، شہری اپنے بچوں کو ون ویلنگ سے روکیں اور کم عمر بچوں کو موٹر سائیکل اور گاڑی چلانے کے لئے نہ دیں۔

بقیہ 8

جبکہ دھمیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 2 ملزمان عبداللہ اور یاسر کو گرفتار کر کے ملزمان سے 2 پستول 30 بور برآمد کرلی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لئے گئے، ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض خان نے کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

بقیہ 9

، دوپہر میں قورمہ، پلاؤ اور شام میں قورمہ، روٹی اور زردہ دیا جائے گا۔ قیدیوں میں مٹھائی بھی تقسیم کی جائے گی۔ جیل خانہ جات کی جانب سے ہدایت کی گئی ہے جن قیدیوں کیلئے عیدالاضحیٰ کے دنوں میں گھر سے کھانا آئے تو شناخت کے بعد کھانا وصول کیا جائے۔

بقیہ 10

ہے کہ وہ اپنے گھروں کے چھتوں اور صحن میں پانی کھڑا نہ ہونے دیں اور اردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا رکھیں۔ تاکہ ڈینگی کی وباء کو پھیلنے سے روکا جاسکے۔

بقیہ 11

پولیس ملازم امجد نصیر کو نقد انعام دیا اور شاباش دی۔

بقیہ 12

سکے۔ یہ کنٹرول روم سول ڈیفنس دفتر راولپنڈی میں قائم کیا گیا ہے اور چوبیس گھنٹے کام کرے گا۔ کسی بھی ایمرجینسی کی صورت میں انچارج کنٹرول روم کے نمبر 0519292963 یا موبائل نمبر 03215571042 پر رابطہ قائم کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 13

وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ خان کی خصوصی ہدایات پر اسلام آباد کیپٹل پولیس میں اصلاحات کا سلسلہ جاری ہے، اسلام آباد کیپٹل پولیس نے وفاقی دارالحکومت میں ماحولیاتی آلودگی کو کم کرنے کیلئے نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے شعبہ ماحولیات کے تعاون سے سری نگر اور ایکسپریس وے ہائی وے پر ایئر کوالٹی انڈکس میئر منٹ سسٹم لگانے کا فیصلہ کیا تھا جس کے تحت سری نگر اور ایکسپریس وے پر 10 میٹرز نصب کر دیئے گئے ہیں، یہ فیصلہ آئی جی اسلام آباد ڈاکٹر اکبر ناصر خاں اور نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے شعبہ ماحولیات کے ہیڈ ڈاکٹر فہیم کھوکھر کے درمیان ایک میٹنگ میں کیا گیا۔ آئی جی اسلام آباد ڈاکٹر اکبر ناصر خاں نے ایس ایس پی ٹریفک ڈاکٹر مصطفیٰ تنویر کو خصوصی ہدایات جاری کیں تھیں وفاقی دارالحکومت میں ماحولیاتی آلودگی کا باعث بنے والی گاڑیوں کی آمد پر پابندی عائد کی جائے اور غیر قانونی داخلے پر ان فٹ گاڑیوں کو سخت جرمانے بھی کئے جائیں، اسلام آباد کیپٹل پولیس کی مختلف ٹیمیں شاہراہوں پر ماحولیاتی آلودگی کا باعث بننے والی گاڑیوں کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن کر رہی ہیں اور انکے کیخلاف سخت قانونی کارروائیاں کر کے چالان ٹکٹ جاری کئے جا رہے ہیں، اسپیشل انفورسمنٹ اسکواڈز کے دستے بھی اسلام آباد سری نگر ہائی وے اور ایکسپریس وے پر قانون کی عملدرآمد کو یقینی بنانے میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔

بقیہ 14

نے پاکستانی نژاد امریکی شہری خضر خان کو اعلیٰ ترین میڈل سے نواز دیا۔ رپورٹس کے مطابق وائٹ ہاؤس میں منعقدہ تقریب میں امریکی صدر جوبائیڈن کی جانب سے خضر خان کو میڈل آف فریڈم پہنایا گیا۔ اطلاعات کے مطابق خضر خان کے علاوہ 31 دوسرے افراد کو بھی میڈل دیا گیا، اس موقع پر امریکی صدر نے خضر خان کی خدمات اور قربانیوں کو سراہا اور ان کی تعریف کی۔ واضح رہے کہ خضر خان نے 2016 کے امریکی انتخابات میں سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر بھرپور تنقید کی تھی۔ اسکے علاوہ خضر خان کے بیٹے ہمایوں نے عراق جنگ میں اپنی جان دے کر دیگر فوجیوں کو بچایا تھا۔

بقیہ 15

حل کرنا بھی زیر غور ہیں۔ لوگوں کی آسانی کے ہر ممکن کوشش کریں گے۔

بقیہ 16

نوجوان کی گرفتاری کا جواز پیش کرنے کیلئے اسے مجاہد قرار دیا ہے۔ گرفتار نوجوان بارہمولہ کے علاقے تلگام پائیں کا رہائشی بتایا جاتا ہے۔

بقیہ 17

بارہمولہ میں ایک شخص کو گرفتار کرلیا۔

بقیہ 18

کشمیریوں کی جدوجہد کو دبانے کیلئے جبر واستبداد کا ہر ہتھکنڈہ آزما رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیگناہ کشمیریوں کو قتل، گرفتار کیا جا رہا ہے، انہیں خوف و ہراس کی ایک مسلسل فضا میں جینے پر مجبور کیا جا رہا ہے جس کا واحد مقصد انکی آواز کو دبانا ہے۔ شبیر احمد شاہ نے کہا کہ بھارت کی ان تمام چیرہ دستیوں کے باوجود کشمیریوں کا جذبہ آزادی مضبوط و توانا ہے اور وہ غیر قانونی بھارتی تسلط سے آزادی کیلئے اپنی جدوجہد مقصد کے حصول تک جاری رکھنے کا عزم کیے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کشمیریوں پر زور دیا کہ وہ عید کا خوشیوں بھرا دن سادگی سے منائیں اور اس موقع پر اپنے ان شہداء اور محبوسین کو ہرگز نہ بھولیں جنہوں نے حق کے راستے میں اپنی جانیں نچھاور کیں اور گھروں سے دور جیلوں میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ ہمیں قربانی کا درس دیتی ہے لہٰذا ہمیں ہردم حق کی سربلندی کیلئے تیار رہنا چاہیے۔ شبیر احمد شاہ نے صاحب ثروت افراد پر زور دیا کہ وہ شہداء اور جیلوں میں نظر بند کشمیریوں کے اہلخانہ کی ضروریات کا خیال رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلمان ہونے کے ناتے ہم یتیموں، بیواؤں اور دیگر ضرورت مندوں کی ضروریات کا خیال رکھنے کے پابند ہیں۔

بقیہ 19

ڈی آئی جی آپریشنز تمام سکیورٹی انتظامات کی خود نگرانی کریں گے جبکہ سیف سٹی کیمروں کے ذریعے بھی سکیورٹی اقدامات کا جائزہ لیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات پر عیدالاضحیٰ کی نماز کے سلسلہ میں خصوصی سکیورٹی پلان جاری کر دیا گیا ہے۔ سکیورٹی پلان کے تحت ضلع بھر کی 1032 مساجد اور 28 امام بارگاہوں پر 04 ایس پیز، 11 اے ایس پیز/ڈی ایس پیز، 02 انسپکٹرز سمیت 1000 سے زائد پولیس افسران و جوان سکیورٹی کے فرائض سرانجام دیں گے، اسی طرح فیصل مسجد میں نماز عید کے لئے ایک ایس پی، ایک ایس ڈی پی او سمیت 100 سے زائد پولیس افسران و جوان سکیورٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔ تمام مساجد اور امام بارگاہوں کو حساسیت کے مطابق کیٹیگریز میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ تمام مقامات کی نگرانی سیف سٹی کیمروں اور خصوصی پولیس ٹیموں کے ذریعے کی جائے گی اور تمام سکیورٹی اقدامات کو ڈی آئی جی آپریشنز سہیل ظفر چٹھہ مانیٹر کریں گے۔ تفریحی مقامات پر کسی بھی لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال سے نمٹنے کے لئے سی ٹی ڈی کے خصوصی دستے تعینات ہوں گے اور امن وامان کو ہر صورت قائم رکھا جائے گا۔ ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے، مارکیٹس اور سڑکوں پر ٹریفک رش کے لئے ایک ایس پی، 04 ڈی ایس پیز سمیت ٹریفک کے 278 افسران و جوان ڈیوٹی سرانجام دیں گے، ایس ایس پی ٹریفک تمام ڈیوٹیز کی خود نگرانی کریں گے، ون ویلنگ، ہلڑبازی کی ہرگز اجازت نہیں ہوگی اور قانون کی خلاف ورزی پر ایکشن ہوگا۔ اسی طرح 800 سے زائد ایگل سکواڈ کے جوان مختلف علاقوں، قبرستانوں، عید کے اجتماعات اور مارکیٹوں میں پٹرولنگ کریں گے، 150 سے زائد سپیشل برانچ کے افسران و جوان بھی نماز عید کے دوران اپنی فرائض سرانجام دیں گے۔ آئی جی اسلام آباد نے تمام پولیس افسران کو سختی سے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ بڑی تعداد میں لوگ مسجدوں، عیدگاہوں، کھلی جگہوں اور امام بارگاہوں میں نماز عید ادا کریں گے اس سلسلہ میں تمام متعلقہ زونل ایس پیز اپنی ذمہ داری کے علاقے میں موجود مساجد اور امام بارگاہوں میں عیدالاضحیٰ کی نماز کی ادائیگی کے دوران نمازیوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے ذمہ دار ہوں گے۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ ان اقدامات کا مقصد نمازیوں اور مذہبی مقامات کی حفاظت کو یقینی بنانا، دہشت گرد کارروائیوں کے خلاف سکیورٹی کو مزید موثر بنانا اور امن وامان کی بحالی کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے مزید ہدایات کیں کہ تمام زونل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز عیدالاضحیٰ کی نماز کے دوران اپنے علاقہ میں موجود رہیں گے، عید کی نماز کے دوران تمام ایگلز، تھانہ کی گاڑیاں اور فالکن اپنے اپنے علاقہ میں گشت کریں گی۔ بھارہ کہو کے علاقہ میں سی ٹی ڈی کی دو اضافی گاڑیاں لگائی گئی ہیں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹا جا سکے۔ سپیشل برانچ کے عملہ کو سادہ کپڑوں میں پیشگی انٹیلی جنس جمع کرنے اور مفید معلومات کے حصول کے لئے اے آئی جی سپیشل برانچ ذمہ دار ہوں گے اور کسی بھی مفید معلومات کے متعلق فوری متعلقہ پولیس افسر اور پولیس کنٹرول کو آگاہ کریں گے۔ نماز عید سے قبل سپیشل برانچ تمام مقامات پر ٹیکنیکل سویپنگ کے لئے بم ڈسپوزل سکواڈ تعینات کریں گے، کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لئے فائر بریگیڈ اور ایمبولینس گاڑیوں کے ساتھ پیرامیڈیکل سٹاف کی فراہمی کے لئے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سی ڈی اے اور ہسپتال کے حکام سے رجوع کریں گے۔

بقیہ 20

کے لیے 12 پوائنٹس قائم کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ ہر تحصیل کے لیے پلان ترتیب دیا گیا ہے تحصیل سے جمع ہونے والی آلائشوں کو قریب جگہوں پر دفن کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ شہر اور تحصیلوں میں استقبالیہ کیمپ لگائے جائیں گے، کیمپس میں 2.5 لاکھ ویسٹ بیگ تقسیم کیے جائیں گے۔ یہ بات انہوں نے اپنے دفتر میں پریس کانفرنس کے دوران بتائی۔ ایم ڈی سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی اویس تارڑ بھی انکے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی طاہر فاروق نے کہا کہ عید سے ایک روز قبل صفائی کرنے والی گاڑیوں کا مری روڈ پر فلیگ مارچ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ صفائی حوالے سے موصول ہونے والی شکایات کے لیے محکمہ سول ڈیفنس میں کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ موسمیات کے مطابق عیدالاضحیٰ کے موقع پر بارش متوقع ہے اس حوالے سے منصوبہ بندی کر لی گئی ہے۔ گزشتہ دنوں میں ہونی والی بارشوں میں صفائی کا نظام بہت بہتر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نالوں کی صفائی کا عمل جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد اور دو کنٹونمنٹ ہمارے ساتھ ہیں۔ کنٹونمنٹ کا اپنا صفائی کا عملہ ہے جو کہ اپنے ایریاز سے صفائی کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کے ساتھ روز کے معمولات پر ورکنگ بورڈ تشکیل دینے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈینگی کے لیے یہ مہینہ بہت اہم ہے۔ ہم ڈینگی کے تمام پر قابو پانے کے لیے تمام تر کوششیں جاری ہیں۔ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی طاہر فاروق نے مزید کہا کہ مری کے لیے عید شٹل سروس چلائیں گے۔ عیدالاضحیٰ کے موقع پر 3 دن کے لیے شٹل سروس بارہ کہوتا لوئر ٹوپہ چلائی جائے گی کوشش ہوگی کہ فیملیز اس کا حصہ ہوگی۔ عید کے تین روز بطور پائلٹ پروجیکٹ یہ شروع ہوگا۔

بقیہ 21

سے چوری شدہ 09 موٹر سائیکلز برآمد ہوئے، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزمان کے دیگر سہولت کاروں کو بھی گرفتار کیا جائے گا، ایس پی راول بابر جاوید جوئیہ نے وارث خان پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

بقیہ 22

کمشنر عرفان نواز میمن کے مطابق ایم سی آئی اور ضلعی انتظامیہ کی ٹیمیں ڈی واٹرنگ پمپ کے ذریعے پانی نکالتی رہیں، انہوں نے کہا کہ گزشتہ رات ہونے والی بارش کی وجہ سے سیکٹر ایچ 13 کی عمارتوں میں پانی جمع ہو گیا تھا۔ عرفان نواز میمن کا کہنا ہے کہ بروقت کارروائی کے لیے ریسکیو عملہ الرٹ ہے۔ دوسری جانب واسا نے راولپنڈی میں ہائی الرٹ جاری کر دیا، نالہ لئی میں کٹاریاں کے مقام پر پانی کی سطح 15 فٹ ہو گئی ادھر ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق ہفتہ سے 12 جولائی کے دوران پنجاب کے مختلف علاقوں میں بارش کا امکان ہے۔ انہوں نے کہا کہ (آج) اتوار کو اسلام آباد، راولپنڈی اور لاہور کے نشیبی علاقے زیر آب آنے کا خدشہ ہے جبکہ گوجرانوالہ، سرگودھا، ساہیوال، فیصل آباد اور لاہور ڈویژن میں بارش متوقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسلادھار بارش کے باعث اسلام آباد، راولپنڈی اور گوجرانوالہ ڈویژن کے ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ ہے۔ ترجمان کے مطابق مری میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ہے، مسافر اور سیاح محتاط رہیں، دریاؤں اور نہروں میں نہانے اور نشیبی علاقوں میں گاڑیاں کھڑی کرنے سے گریز کریں۔ پی ڈی ایم اے کے ترجمان کا کہنا ہے کہ خضدار، قلات، چمن، دالبندین، مسلم باغ، لسبیلہ، پنجگور، آواران، خاران، ژوب، بارکھان میں بھی بارش کا امکان ہے۔

بقیہ 23

نے مری ٹورازم پولیس کے افسران و اہلکاروں کو عیدالاضحیٰ کے حوالے سے ہدایات جاری کیں، اس موقعہ پر ایس پی کوہسار حیدر علی کا کہنا تھا کہ مری میں آنے والے سیاحوں کے تحفظ اور ان کو سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا، کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، عیدالاضحیٰ کی چھٹیوں میں سیاحوں کی سہولت اور تحفظ کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں، مری میں آنے والے سیاحوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کی ہر ممکن مدد اور راہنمائی کی جائے، سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کا کہنا تھا کہ آئی جی پنجاب راؤ سردار علی خان کے ویژن کے مطابق راولپنڈی پولیس مری میں شہریوں اور سیاحوں کے تحفظ اور ان کو بہترین سروسز کی فراہمی کے لیے ہر ممکنہ اقدامات کر رہی ہے۔

بقیہ 24

پاکستان اسٹیل کو 15 جولائی تک رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کردی ہے، رپورٹ پاکستان اسٹیل کی پیپلز ورکرز یونین سی بی اے کی از خود نوٹس کی اپیل پر طلب کی گئی۔ یاد رہے کہ پیپلز ورکرز یونین نے 27 جون 2022 کو چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نور عالم خان کو ارسال کردہ ایک خط میں پاکستان اسٹیل کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور مینجمنٹ پر مبینہ مجرمانہ غفلت اور ناقص کارکردگی سے پاکستان اسٹیل کو 284 ارب روپے کا نقصان پہنچانے کا ذمے دار قرار دیا گیا تھا۔

بقیہ 25

بہتری کیلئے تجاویز و سفارشات مرتب کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر نے سہولیات میں اضافہ کیلئے ہیلتھ کونسل کے اراکین، ہسپتال انتظامیہ اور معاون تعمیراتی محکموں کے مابین قریبی ربط و مشاورت کی ضرورت پر زور دیا اور اس امر کی تاکید کی کہ تعمیراتی امور کیلئے درکار فنڈز کی ضروریات کا تعین کر کے رپورٹ پیش کی جائے۔

بقیہ 26

کے مضر اثرات سے بچاؤ کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لائیں اور کاشتکاروں تک فی ایکڑ زیادہ پیداواری صلاحیت کے حامل نئی اقسام کے معیاری بیج متعارف کروائیں۔ زرعی سائنسدانوں کی متعارف کردہ ترقی دادہ اقسام کی پیداواری صلاحیت اور کاشتکاروں کی فی ایکڑ پیداوار میں نمایاں فرق لمحہ فکریہ ہے۔ حکومت پنجاب نے کاشتکاروں کو سرٹیفائیڈ کی فراہمی کیلئے پالیسی تشکیل دی ہے جس کے ذریعے زرعی خود کفالت کے حصول کو عملی جامہ پہنانے میں مدد ملے گی اور زرعی درآمدی بل میں کمی واقع ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار چیف سائنٹسٹ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد محمد نواز خان نے گزشتہ روز شعبہ اثمار آری، فیصل آباد میں زرعی سائنسدانوں کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ ڈائریکٹر زرعی تحقیقاتی ادارہ اثمار، ملک اللہ بخش، ڈائریکٹر زرعی تحقیقاتی ادارہ گندم، ڈاکٹر محمد جاوید، ڈائریکٹر فیلڈ اراجناس، ڈاکٹر محمد طارق، ڈائریکٹر پوسٹ ہارویسٹ، ڈاکٹر ابرار حسین، پرنسپل سائنٹسٹ کاٹن، ڈاکٹر غلام سرور، سینئر سائنٹسٹ شعبہ بائیوٹیکنالوجی، شاکرہ جمیل، ماہر چارہ جات، قمر شکیل، ماہر کپاس ڈاکٹر محمد آصف، زرعی کیمیادان، ڈاکٹر وقاص اشرف، اسٹیٹ آفیسر، محمد افتخار وڑائچ، اجلاس میں موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث زراعت کے شعبہ کو درپیش مسائل پر تفصیلی بحث کی گئی۔ قیام پاکستان کے وقت آبادی تقریباً 3 کروڑ تھی جو 74 سال بعد 25 کروڑ ہوگئی ہے۔ اس تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کی غذائی تحفظ کے لئے زرعی سائنسدانوں کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث میدانی علاقوں میں درجہ حرارت میں اضافہ ہوگیا ہے جبکہ گلیشیئرز میں درجہ حرارت کم ہو گیا ہے جس کے باعث دریاؤں میں پانی کے بہاؤ میں کمی واقع ہوئی ہے۔ پاکستان کے دو بڑے ڈیموں تربیلا اور منگلا میں سلٹنگ کی وجہ سے پانی کے ذخیرہ کرنے کے لئے کپیسٹی بھی کم ہوگئی ہیر بیج سیزن میں بارش نہ ہونے کی وجہ سے اور وسط مارچ میں اچانک درجہ حرارت میں اضافے کی وجہ سے گندم کی اوسط پیداوار میں تقریباً 4 سے 5 فی ایکٹر تک کمی واقع ہوئی ہے جس کی وجہ سے 4 ملین ٹن گندم درآمد کرنا پڑے گی۔ محمد نواز خان نے زرعی سائنسدانوں پر زور دیا کہ وہ حالیہ مون سون سیزن میں اپنی زیر نگرانی تمام زرعی تحقیقاتی اداروں کے فیلڈ ایریا میں پھلدار پودوں کی شجر کاری کو فروغ دیں۔ ترشاوہ پھل، آم، امرود، انار، کھجور، زیتون اور جامن کے زیادہ سے زیادہ پودے لگائے جائیں تاکہ ماحولیاتی تبدیلی کے مضر اثرات کو کم سے کم کیا جاسکے۔ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد کے دفاتر کے گردونواح کی آرائش اور بارشوں کے میٹھے پانی کے ذخیرہ کے لئے دو چھوٹے تالابوں کی بھی منظوری دی گئی پودوں کی داغ بیل کانٹ چھانٹ اور دفاتر کی صفائی کے موثر نظام کی نگرانی کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی جس کی سربراہی ڈائریکٹر شعبہ اثمار ملک اللہ بخش کریں گے۔

بقیہ 27

اپنی اپنی ٹیموں کے ہمراہ پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 35 بھکاریوں کو گرفتار کر کے راولپنڈی شہر کے مختلف تھانوں میں بند کروایا، سی پی او راولپنڈی سید شہزاد ندیم بخاری کا کہنا تھا کہ پیشہ ور بھکاری راولپنڈی شہر کی مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں کھڑے ہو کر نہ صرف ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی اندیشہ بناتے ہے لہٰذا عوام سے بھی گزارش ہے کہ ایسے عوامل کی حوصلہ شکنی کی جائے اس سے نہ صرف معاشرے میں بہتری آئے گی بلکہ ٹریفک کی روانی بھی بہتر ہوگی۔

بقیہ 28

راولپنڈی، اسلام آباد میں مقیم کشمیری برادری کے افراد کی ایک بڑی تعداد شریک تھی۔ نماز جنازہ معروف کشمیری رہنما سید صلاح الدین نے پڑھائی۔ شیخ عبدالطیف کا تعلق سرینگر کے علاقے قمرواری سے تھا۔ انہوں نے بھارتی مظالم کی وجہ سے 1995 میں مقبوضہ علاقے سے آزاد جموں وکشمیر ہجرت کی تھی۔ مرحوم نے سرینگر یونیورسٹی سے ایل ایل بی بھی کیا تھا۔ آزاد جموں وکشمیر اور پاکستان میں قیام کے دوران وہ میڈیا کے محاذ پر تحریک آزادی کے لیے انتہائی سرگرم رہے اور اس وقت کشمیر میڈیا سروس کے ساتھ بطور ایڈیٹر وابستہ تھے۔ حریت رہنماؤں نے اپنے بیانات میں شیخ عبدالطیف کی وفات پر رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے تحریک آزادی میں انکی خدمات کو سراہا۔ انہوں نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد جموں وکشمیر شاخ نے بھی ایک بیان میں ان کی وفات پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 29

دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے سینیٹر طاہر مشہدی کے لواحقین سے اظہار تعزیت کیا اور کہا کہ سینیٹر طاہر مشہدی کی پارلیمانی خدمات تادیر یاد رکھی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ سابق سینیٹر طاہر مشہدی کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور لواحقین کو صبر دے۔

بقیہ 30

کا فیصلہ کرلیا۔ سپیشل اکنامک زون میں لیز کی بجائے 3000 پلاٹس کی فروخت کیے گئے، پنجاب حکومت کا اسپیشل اکنامک زون میں 3000 پلاٹوں کی فروخت پرنئی انکوائری ہوگی۔ اسپیشل اکنامک زونز میں پلاٹس کی لیز کی بجائے فروخت پر پہلے بھی اعتراضات اٹھائے گئے تھے بی او آئی کی نشاندہی پر پلاٹوں کی فروخت قانونی پیچیدگیوں کا معاملہ بھی اٹھایا گیا تھا۔ پنجاب حکومت نے پلاٹس کی فروخت اور قانونی پیچیدگیوں کے لیے چھان بین کا حکم دے دیا۔

بقیہ 31

منڈیوں میں سے ایک میں کاروبار معمول سے زیادہ کم تھا جیسا کہ معاشی بحران نے مسلمانوں کو عیدالاضحیٰ کی چھٹیوں پر گائے، بھیڑ اور بکریوں پر بے دریغ خرچ کرنے سے روکے رکھا۔ اسلام آباد اور راولپنڈی کے درمیان I-15 مویشی منڈی میں فارمرز نے دو ہفتوں سے اس امید میں ڈیرے ڈال رکھے ہیں کہ وہ عید تعطیل سے پہلے اپنا اسٹاک فروخت کردیں گے لیکن خریدار کم ہیں۔ پاکستان کی معیشت زبوں حالی کا شکار ہے، بے تحاشہ مہنگائی ہر چیز کو متاثر کر رہی ہے جن میں چھٹیوں کے اخراجات بھی شامل ہیں۔

بقیہ 32

پیداواری آسامیاں، بے کار آسامیاں ختم کرنے اور سرکاری افسران و ملازمین کو ملنے والے پٹرول میں 30 فیصد کمی، سرکاری افسران و ملازمین کے سرکاری گاڑیوں کے استعمال کو کم سے کم کرنے کیلئے غیر ضروری سفر روکنے سمیت دیگر اہم اقدامات متعارف کروا دیے، جس کیلئے وفاقی حکومت نے رواں مالی سال کیلئے مالی کفایت شعاری پالیسی کا اعلان کردیا ہے۔ رواں مالی سال 2022-23 کے لیے اعلان کردہ مالی کفایت شعاری پالیسی کی کاپی کے مطابق صرف ایمبولینس، تعلیمی اداروں کیلئے بسیں اور سالڈ ویسٹ گاڑیاں خریدی جاسکیں گی جب کہ ترقیاتی منصوبوں کیلئے درکار آسامیوں کے علاوہ باقی ہر قسم کی نئی آسامیوں پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ علاوہ ازیں حکومتی اخراجات پر بیرون ملک علاج پر پابندی عائد کردی گئی ہے اور ترقیاتی منصوبوں کے علاوہ ہر قسم کے ڈیلی ویجز و عارضی ملازمین (کنٹیجنٹ اسٹاف) کی بھرتی پر پابندی ہوگی۔ آفس فرنیچر کی خریداری پر بھی پابندی ہوگی۔ صرف ترقیاتی منصوبوں کیلئے فرنیچر خریدا جاسکے گا۔ دستاویز میں مزید بتایا گیا ہے کہ ائرکنڈیشنز، مائیکروویو، فریج، فوٹو کاپی مشینن سمیت دیگر مشینری و آلات کی خریداری پر بھی پابندی کردی گئی ہے۔ حکومتی خرچ پر سرکاری ملازمین کے بیرون ممالک دوروں پر بھی پابندی لگائی گئی ہے تاہم سرکاری ملازمین صرف لازمی دورے کرسکیں گے۔ علاوہ ازیں غیر ملکی مندوبین و وفود کے علاوہ ہر قسم کے سرکاری ظہرانے، عشائیے اور ہائی ٹی پر پابندی عائد کی گئی ہے جب کہ حکومتی خرچ پر سرکاری افسران و ملازمین کے لیے اخبارات، رسائل و میگزین کی خریداری بھی بند کردی گئی ہے۔ دستاویز کے مطابق تمام وزارتوں اور ڈویژنوں کے پرنسپل اکاؤنٹنگ آفیسرز کو مالی کفایت شعاری پالیسی کے تحت بجلی، گیس اور ٹیلی فون سمیت دیگر یوٹیلیٹیز کے استعمال میں 10 فیصد تک کمی لانا ہوگی۔ سرکاری افسران و ملازمین کو ملنے والے پٹرول میں 30 فیصد کمی، سرکاری افسران و ملازمین کے سرکاری گاڑیوں کے استعمال کو کم سے کم کرنے کے لیے غیر ضروری سفر سے بھی روک دیا گیا ہے جبکہ سرکاری میٹنگز زوم اور ویڈیو لنک کے ذریعے کرنے کو فروغ دینے کے علاوہ خالی آسامیاں، غیر پیداواری آسامیاں اور بے کار آسامیاں ختم کرنے کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ دریں اثناء وفاقی حکومت نے مالی کفایت شعاری پالیسی پر عملدرآمد کی مانیٹرنگ کرنے کے لیے وفاقی وزیر خزانہ کی سربراہی میں 10 ارکان پر مشتمل خصوصی کفایت شعاری کمیٹی قائم کرتے ہوئے ٹرمز آف ریفرنس بھی جاری کردیے گئے ہیں۔

بقیہ 33

مل رہا ہے اسی پردے رہے ہیں، آئی ایم ایف کے ساتھ معاملات ٹھیک چل رہے ہیں معاہدہ ہوگا، اگست سے پہلے سب معاملات طے پا جائیں گے، عمران حکومت کی کارکردگی پر آئی ایم ایف ہم پر اعتماد نہیں کر رہا۔ پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ میرے ساتھ تحریک انصاف سے ہمدردی رکھنے والی فیملی نے ناروا رویہ اپنایا، پاکستان کے طول وعرض سے لوگوں نے اس واقعہ کی مذمت کی ہے، یہ اس قیادت کی وجہ سے ہے جس کا کام صبح وشام لوگوں کی پگڑیاں اچھالنا اور ادھم مچانا ہے۔ قانون مجھے اختیار دیتا ہے کہ میں سی آر پی سی، ضابطہ فوجداری کے تحت کارروائی کر سکتا ہوں لیکن اس واقعہ میں خواتین اور بچے ملوث ہیں اس لیے میں نے قانونی کارروائی سے اجتناب کا فیصلہ کیا ہے۔ میں عوام کی عدالت میں اس طرز عمل کی ذمہ دار اس قیادت کے خلاف ایف آئی آر درج کرا رہا ہوں۔ اگر میرے ساتھ بھی سکیورٹی گارڈ ہوتا یا کوئی جذباتی حمایتی ہوتا تو ان کے ساتھ نا مناسب رویہ اپناتا تو صورتحال بہت گھمبیر ہوسکتی تھی۔ جو پی ٹی آئی کے ہمدرد ہیں میں انہیں ایک بات کہنا چاہتا ہوں کہ آپ ٹھنڈے دل اور دماغ کے ساتھ سوچیں آپ جس جذبے کے تحت اپنے لیڈر کی محبت کا حق ادا کرنے کے لئے جہالت پر مبنی جس طرح کی کارروائیاں کر رہے ہیں ان کا لیڈران سے کتنا مخلص ہے، وہ اپنی انا پرستی اور سیاسی ایجنڈے کیلئے نا مناسب رویے اور شرمناک رویوں کا عمل کرا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران نیازی نے آج تک ٹریک ریکارڈ یہ ہے کہ اس نے لوگوں کو استعمال کیا ہے اور ٹشو پیپر کی طرح پھینک دیا ہے،

بقیہ 34

پاک بحریہ نے مختلف علاقوں میں میڈیکل کیمپ لگائے جہاں لوگوں کو علاج اور ادویات کی سہولتیں فراہم کی گئیں۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق پاک بحریہ کے جوانوں نے مختلف علاقوں میں کھڑا پانی نکالنے میں بھی مقامی افراد کی مدد کی۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق پاک بحریہ مشکل کی اس گھڑی میں ساحلی علاقوں کے عوام کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے۔

بقیہ 35

ہے کہ کنفیوشس انسٹی ٹیوٹ بم دھماکے کے ذمہ داروں کا سراغ لگانے اور انہیں پکڑنے میں کامیابی نے چینی اہلکاروں اور پاکستان میں منصوبوں کے تحفظ کے لیے پاکستانی سکیورٹی اداروں کی صلاحیت پر چین کا اعتماد بحال کیا اور انہیں ان کی سلامتی کی ضمانت اور یقین دہانی کرائی ہے۔ سینیٹر مشاہد حسین سید نے مزید کہا کہ ہمارا مشرقی پڑوسی ملک پاکستان اور چین کی دیرینہ دوستی سے ناراض ہے جس کا مرکز اب سی پیک ہے اور اب وہ اس دوستی کو کمزور اور سبوتاژ کرنے کے لیے کام کر رہا ہے وہ اس مقصد کے لیے معلوماتی جنگ کے ساتھ ساتھ اپنی مقامی پراکسیز کے ذریعے باقاعدہ روایتی جنگ بھی کر رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق چینی انسداد دہشت گردی حکام نے بھی اس کیس پر پاکستانی ایجنسیوں کے ساتھ مل کر کام کیا۔ ذرائع نے بتایا کہ چین کی ایک ٹیم پاکستان میں اپنے مقامی ہم منصبوں کے ساتھ تحقیقات کے سلسلے میں مسلسل رابطے میں تھی۔ کیس میں پیش رفت کا خیر مقدم کرتے ہوئے، بیجنگ میں چینی وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ ہم پاکستان کی جانب سے کی گئی ٹھوس کوششوں کو سراہتے ہیں جب کہ کسی کی مزید تفتیش ابھی جاری ہے۔ آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے کچھ ہفتے قبل بیجنگ کا دورہ کیا تھا اور چینی شہریوں کے لیے سیکیورٹی کے حوالے سے سخت سیکیورٹی اقدامات گارنٹی پیش کی تھی اور کراچی حملے کے مجرموں کا سراغ لگانے کا عزم کیا تھا۔ ذرائع نے بتایا کہ یانگ جیچی نے نجی طور پر حکومت پاکستان کو یقین دہانی کرائی ہے کہ سی پیک اور دوطرفہ تعلقات دونوں اب پٹری پر آ گئے ہیں۔

بقیہ 36

کے آفیشل اکاؤنٹ میں لکھا کہ اللہ آج کے دن کی برکت سے ملک کو قرض کی دلدل سے نکال دے، اللہ ہمیں بحیثیت قوم معاشی خودانحصاری کی منزل عطا فرمائے، وزیراعظم کی جانب سے شہدا کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی گئی۔ انہوں نے مزید لکھا کہ اللہ تعالیٰ عالم انسانیت بالخصوص مسلمانوں پر اس کے رحم، امت کے اتحاد، ترقی و خوش حالی، وباؤں سے نجات، مقبوضہ فلسطین اور کشمیر کی آزادی اور مظلوم انسانیت کے دکھوں اور مصائب سے نجات کی دعا کی اپیل کرتا ہوں۔ #/s#

بقیہ 37

دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ٹیلی فونک رابطے میں وزیراعظم شہباز شریف نے امیر قطر شیخ تمیم بن حمد الثانی کو عیدالاضحیٰ کی مبارک دی وزیراعظم شہباز شریف نے قطر کے برادر عوام کو بھی عید کی مبارک دی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا امیر قطر نے وزیراعظم اور پاکستان کے عوام کو عیدالاضحیٰ کی مبارک اور خیرسگالی کے گرمجوش جوابی جذبات کا اظہار کیا۔ دونوں قائدین نے دونوں ممالک کے درمیان دو طرفہ بہترین تعلقات پر اطمینان کا اظہار کیا قائدین نے دونوں ممالک کے درمیان موجودہ سیاسی ومعاشی تعاون کو مزید آگے بڑھانے اور قریبی رابطہ استوار رکھنے اور مشترکہ مفادات کے تمام امور پر مل کر کام کرنے سے اتفاق کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ مشترک عقیدے، ہم آہنگی اور مشترکہ مفادات پر مبنی قطر اور پاکستان کے درمیان خوش گوار قریبی تعلقات استوار ہیں قطر 2 لاکھ پاکستانیوں کا مسکن ہے جو قطر کی ترقی میں مثبت کردار ادا کر رہے ہیں

بقیہ 38

کرنے والی دعا زہرا نے اپنے شوہر کے ہمراہ نجی ڈیجیٹل ٹی وی کو دیے گئے انٹرویو میں والدین سے اپیل کی ہے کہ اب بس کریں مجھے مزید ذلیل کرنا بند کریں، مزید کورٹ کچہری کے چکروں میں نہ پھنسائیں، مجھے پتہ ہے کہ میں لاہور سے کراچی پولیس موبائل میں پورا پورا دن کیسے سفر کرتی ہوں۔ دعا کا کہنا ہے کہ اگر والدین یہ سب کر کے مجھے مارنا چاہتے ہیں تو مجھے بتادیں میں پہلے ہی مر جاؤں گی، کراچی میں میری جان کو خطرہ ہے میں کسی صورت کراچی نہیں جاؤں گی۔ دعا زہرا نے کہا کہ میرے والدین پہلے دن سے جھوٹ بول رہے ہیں، انہیں پتہ ہے میں کہاں کیوں اور کس کی وجہ سے گئی تھی۔ میرے والدین نے بھاگنے سے قبل میری اور ظہیر کی چیٹ پڑھی تھی جس کے بعد انہوں نے مجھے اتنا مارا کہ میری گردن پر زخم بن گئے تھے، عام روٹین میں بھی والدین میری بہنوں کے کہنے پر بھی مجھے مارتے پیٹتے تھے، والدین سے یہی کہوں گی کہ سہولتیں ہی سب کچھ نہیں ہوتی والدین کو بچوں کا دوست بھی ہونا چاہیے۔

بقیہ 39

کے ساتھ بیٹھنے سے ہزار درجے بہتر ہے میں اپوزیشن میں بیٹھ جاؤں کسی بیرونی اور اندرونی طاقت کے ذریعے کوئی بیک ڈور رابطے نہیں ہیں پی ڈی ایم اور اسٹیبلشمنٹ دونوں ہی ملک میں آزاد اور منصفانہ انتخابات نہیں چاہتے لاہور میں بیٹھے ایک آدمی کا مشن ہے کسی طرح چوروں کو الیکشن جتوا دیں نامعلوم نمبر سے دھمکیاں دی جا رہی ہیں، لاہور والے کو بتا رہا ہوں جو مرضی کر لوتم صرف خود کو ذلیل کرو گے دھاندلی کے باوجود ضمنی الیکشن کے نتائج آئیں گے تو حمزہ واپس جائے گا مجھے جیل میں ڈال دیں، ملک کی خاطر اپنی جان کی قربانی دینے کو تیار ہیں چیف الیکشن کمشنر جتنا مرضی حمزہ شہباز اور مریم نواز کے پیروں میں گر جائے ہم ان چوروں کو ضمنی انتخابات میں شکست دیں گے۔ سینئر صحافیوں کے ساتھ ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے عمران خان نے کہا کہ ہماری حکومت میں مختلف چھوٹی جماعتیں بلیک میل کرتی رہیں بلیک میلنگ کے باعث پرویز الٰہی کو وزیر اعلیٰ نامزد کرنا پڑا اور اسی وجہ سے پارٹی میں اختلافات ہوئے۔ عثمان بزدار کے علاوہ باقی امیدوار ایک دوسرے کے نام پر بطور وزیراعلیٰ متفق نہیں تھے، ہماری حکومت میں اگر بزدار کے خلاف کسی اور کو وزیراعلیٰ بناتے تو وہ کرپشن کرتا۔ علیم خان اور پرویز الٰہی بطور وزیراعلیٰ ایک دوسرے کے نام پر راضی نہیں تھے کسی ایسے شخص کو وزیراعلیٰ نہیں بنا سکتا تھا جو ذاتی لوٹ مار کرتا۔ پی ٹی آئی چیئرمین کا کہنا تھا کہ صاف شفاف الیکشن کے بغیر ملک بحرانوں سے نہیں نکلے گا گٹھڑی عوامی حکومت بنے گی تو ملکی معیشت چلے گی۔ ان حکمرانوں سے تو کوئی بات کرنے کو بھی تیار نہیں۔ اگر ضمنی انتخاب میں دھاندلی کی تو یہ ملک کا اور نقصان کریں گے۔ مجھے کہا ہے میں تو اور انتظار کرلوں گا، نقصان ملک کا ہوگا۔ ان چوروں سے کبھی اتحاد نہیں کروں گا، چاہے اپوزیشن میں بیٹھنا پڑے۔ عمران خان نے کہا کہ جو بات کرنا چاہتا ہے دروازے کھلے ہیں کوئی لڑائی نہیں۔ دریں اثناء خوشاب میں انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے عمران خان کا کہنا تھا کہ خوشاب میں ایک لوٹا اور لوٹی کو شکست دینی ہے انہوں نے کہا کہ ہمیں دھمکیاں دی جا رہی ہیں اور خوف دلایا جا رہا ہے لاہور میں بیٹھے ایک آدمی کا مشن ہے کسی طرح چوروں کو الیکشن جتوا دیں ایک نامعلوم نمبر سے دھمکیاں دی جا رہی ہیں، لاہور والے کو بتا رہا ہوں جو مرضی کر لوتم صرف خود کو ذلیل کرو گے لوگ تمہیں برا بھلا کہیں گے، تم جتنی مرضی دھاندلی کرالو، دھاندلی کے باوجود ضمنی الیکشن کے نتائج آئیں گے تو حمزہ واپس جائے گا۔ علاوہ ازیں عمران خان سے پی ٹی آئی لاہور کے امیدواران نے ملاقات کی جس میں انتخابی مہم کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی چیئرمین نے کہا کہ ہم انشاءاللہ 17 جولائی کو کلین سویپ کریں گے۔ چیف الیکشن کمشنر کی بیگم کو راتوں رات ترقی دے دی گئی۔ دھاندلی کا پورا منصوبہ کامیاب کروانے کے لیے ترقیاں دی جا رہی ہیں، ہم حمزہ گکڑی کو چیلنج کرتے ہیں جتنی مرضی گکڑیاں اکٹھی کرلیں ہم ساری گکڑیاں حلال کریں گے اور 17 جولائی کو مہر لگے گی۔

بقیہ 40

افسران کی مستقلی کے لیے سمری وزیراعلیٰ پنجاب کو ارسال کردی۔ تفصیلات کے مطابق 11 ہزار اساتذہ اور 3 ہزار اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز کی مستقلی کے معاملہ اہم پیشرفت ہوئی، سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے اساتذہ اور اسسٹنٹ ایجوکیشن افسران کی مستقلی کے لیے سمری وزیراعلیٰ پنجاب کو ارسال کردی۔ اساتذہ و افسران کی مستقلی کے لیے پہلی بار پالیسی تبدیل کی گئی۔ چار سالوں سے اساتذہ و افسران مستقلی کے لیے دھکے کھانے پر مجبور ہیں۔ اساتذہ کو بغیر پی پی ایس سی کے امتحان کے مستقل کیا جائے گا۔ پالیسی کے تحت لاہور بھر میں 1900 اساتذہ و افسران نے مستقل ہونا ہے۔

بقیہ 41

سامان بیچ رہا ہے، بچوں کو اسکولوں سے اٹھا رہا ہے۔ پٹرول اور بجلی کے بعد اب گیس کی قیمت بڑھنے گی تو لگ پتا جائے گا۔ سابق وفاقی وزیر داخلہ نے اپنے بیان میں مزید کہا کہ حاجی واپسی پر 2 لنگریاں امپورٹڈ شیطانوں کے لیے پاکستان ساتھ لائیں۔ مہنگائی کی شرح 34 فیصد بڑھ گئی ہے۔ غریب کو بھاشن نہیں راشن چاہیے۔ شیخ رشید نے کہا کہ پنجاب میں ضمنی انتخاب کا نتیجہ سیاسی منظرنامہ بدل سکتا ہے۔ حکومت صرف اپنے کیسز ختم کروا رہی ہے۔ ابھی گیس اور بجلی کی قیمتیں اور بڑھیں گی۔ میرے 3 سکیورٹی اہلکاروں کو واپس بلا کر حکومت نکمی ظرفی اور ذہنی پستی کا ثبوت دیا ہے۔

بقیہ 42

ہیں، شہیدوں میں سے 189 افراد کو جعلی مقابلوں اور دوران حراست مارا گیا۔ مقبوضہ وادی میں بھارتی فوجیوں نے پرامن مظاہرین پر وحشیانہ تشدد بھی کیا، پرامن مظاہرین پر گولیوں، پیلٹ اور آنسو گیس کے استعمال سے 29 ہزار 892 افراد شدید زخمی بھی ہوئے جبکہ ہزاروں حریت رہنما، نوجوان، خواتین اس وقت بھارت اور مقبوضہ وادی کی مختلف جیلوں میں غیر قانونی نظر بندیوں کا سامنا کر رہے ہیں۔ یاد رہے حریت رہنما برہان وانی کا جمعہ کو چھٹا یوم شہادت منایا گیا ہے، کشمیری نژاد امریکی آرکیٹیکٹ ٹوٹی اشائی کا کہنا ہے کہ کشمیری نوجوان برہان وانی سے بے محبت کرتے ہیں، برہان وانی کی جرات و بہادری کو کشمیری عوام بھی فراموش نہیں کریں گے، کشمیر کی تاریخ میں برہان وانی کو جرات اور مزاحمت کی علامت کے طور پر یاد کیا جائے گا۔ #/s#

بقیہ 43

تفصیلات کے مطابق نئی وفاقی حکومت نے اپریل اور مئی کے دوران ملکی قرضے میں 16 کھرب 43 ارب 30 کروڑ روپے کا اضافہ کیا۔ مئی 2022 تک وفاقی حکومت کا مجموعی قرض بڑھ کر ریکارڈ 446 کھرب 38 ارب روپے سے تجاوز کرگیا۔ اسی مہینے میں وفاقی حکومت کا مقامی قرض بڑھ کر 290 کھرب 44 ارب اور غیر ملکی قرض 155 کھرب 94 ارب روپے پر پہنچ گیا۔ صرف مئی کے ایک مہینے میں وفاقی حکومت کے قرضے میں 9 کھرب 4 3 ارب روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ مالی سال کے ابتدائی 11 ماہ جولائی سے مئی کے دوران وفاقی حکومت کا قرضہ مجموعی طور 59 کھرب 34 ارب روپے بڑھا۔ اس تعداد میں پی ٹی آئی حکومت کے 9 ماہ کے دوران قرضے میں 42 کھرب 90 ارب جبکہ نئی حکومت کے دو ماہ میں 16 کھرب 38 ارب 30 کروڑ روپے کا اضافہ ہوا۔ اس اعتبار سے پی ٹی آئی حکومت نے 9 ماہ کے عرصے میں 5 کھرب روپے کی ماہانہ اوسط سے کم قرض لیا جبکہ موجودہ حکومت نے ابتدائی دو ماہ کے دوران قرضوں میں اوسطاً ماہانہ تقریباً 8 کھرب 22 ارب روپے کا اضافہ کیا۔ اس کے علاوہ گزشتہ مالی سال کے ابتدائی 11 ماہ کے دوران وفاقی حکومت کا ملکی قرض 27 کھرب 79 ارب جبکہ غیر ملکی قرضے میں 31 کھرب 55 ارب روپے کا اضافہ ہوا۔ اسٹیٹ بینک کی دستاویز کے مطابق مارچ 2022 تک ملک پر قرضے اور واجبات ریکارڈ 535 کھرب 44 ارب روپے سے تجاوز کرگئے تھے۔ ملکی قرض و واجبات میں تحریک انصاف حکومت کے دور میں ریکارڈ 236 کھرب 65 ارب روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ دستاویز کے مطابق جون 2018 تک ملک پر 298 کھرب 79 ارب روپے کے قرضے و واجبات تھے۔ اس سے قبل سال 2013 میں ملک پر قرضوں کا مجموعی بوجھ 143 کھرب 18 ارب روپے تھا، یوں مسلم لیگ (ن) (کی گزشتہ 2013 تا 2018 حکومت کے دوران ملکی قرضوں کے بوجھ میں 155 کھرب 61 ارب روپے کا اضافہ ہوا تھا۔ اس سے قبل سابق صدر پرویز مشرف کے 9 سالہ دور 1999 سے 2008 کے دوران قرضوں میں 32 کھرب روپے اور پاکستان پیپلز پارٹی کے 5 سالہ دور 2008 تا 2013 کے دوران ملکی قرض 82 کھرب روپے بڑھا تھا۔

بقیہ 44

بجلی گرنے سے نوجوان جاں بحق ہوا، گاؤں مڑھ میں بھی آسمانی بجلی گرنے سے ایک ہلاکت ہوئی۔

بقیہ 45

کردیا۔ ڈی ایم اے اور اسسٹنٹ کمشنر انیل سعید نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے گرینڈ آپریشن کیا۔ خلاف ورزی کرنے والے 14 افراد کو گرفتار کر کے متعلقہ پولیس اسٹیشن منتقل کردیا ہے اور مویشیوں کو ایدھی اور سیلانی سنٹرز بھجوا دیا گیا ہے۔

بقیہ 46

سے 732 افراد میں وائرس کی تشخیص ہوئی۔ قومی ادارہ برائے صحت کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں ملک بھر میں کورونا کے مثبت کیسز کی شرح 3.24 فیصد رہی جب کہ 7 افراد انتقال کر گئے۔ این آئی ایچ کے مطابق ملک میں کورونا کے 158 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔

بقیہ 47

عوام وفاقی حکومت کے ریلیف پیکج سے مستفید ہوسکیں گے۔ ترجمان کے مطابق عہدیدار اسٹورز پر تمام ضروری اشیاء کی فراہمی کو یقینی بنائیں گے تاکہ عوام کو رعایتی نرخوں پر ضروری اشیاء کی خریداری میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔ یاد رہے 28 جون کو وفاقی حکومت نے اعلان کیا تھا کہ یوٹیلیٹی اسٹور پر خریداری کے لیے اپنے شناختی کارڈ کی کاپی جمع کرانے کی ضرورت نہیں۔ یوٹیلیٹی اسٹور پر سبسڈی والی اشیاء خریدنے کے لیے خریداروں کو صرف کاؤنٹر پر اپنا اصل شناختی کارڈ دکھانا ہوگا، خریداروں کو ان کے نام سے رجسٹرڈ موبائل نمبر پر ایک تصدیقی پیغام موصول ہوگا۔

بقیہ 48

میں لے لیا۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق مشتبہ دہشت گردوں کا تعلق مختلف کالعدم تنظیموں سے ہے۔ گرفتار مشتبہ دہشت گردوں میں واحد بھٹی، جمیل الرحمٰن، محمد عبداللہ، محسن خورشید، عمران خان اور کاشف علی شامل ہیں، مشتبہ دہشت گردوں کے قبضے سے بارودی مواد، ہینڈ گرینیڈ اور ڈیٹونیٹرز سمیت دیگر بارودی مواد برآمد کیا گیا۔ مشتبہ دہشت گردوں کو نامعلوم مقام پر منتقل کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 49

برآمدی شعبے کو 50 فیصد گیس بحال کر دی ہے۔ مزید اہم بات یہ ہے کہ 9 سینٹ فی یونٹ بجلی کی ٹیرف کے ساتھ آر ایل این جی برآمدی شعبے کو 9 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو کے حساب سے فراہم کی جائے گی۔ وزارت توانائی اور تجارت کے ذرائع نے دی نیوز کو تصدیق کی کہ ملک میں درآمدی گیس کی عدم دستیابی کی وجہ سے رکی ہوئی گیس کی سپلائی بحال کردی گئی ہے۔ ملک بھر میں 6 سے 14 گھنٹے جاری بجلی کی بندش کی شدت کو کم کرنے کے لیے مزید بجلی کی پیداوار کے لیے مزید ایل این جی کو پاور سیکٹر کی طرف موڑنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ جولائی کے مہینے میں حکومت نے 12 کارگوز کی طلب کے مقابلے میں صرف آٹھ ایل این جی کارگوز کا انتظام کیا جس کا 400 ایم ایم سی ایف ڈی آر ایل این جی کا خسارہ ظاہر ہوا۔ اپٹما کی انتظامیہ نے بھی گیس سپلائی کی بحالی کے لیے بھرپور کوششیں شروع کیں اور حکومت نے ٹیکسٹائل کمپٹیو پاور صارفین کی گیس سپلائی بحال کرنے پر رضامندی ظاہر کردی۔

بقیہ 50

انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے عمران خان نے انکشاف کیا کہ 1940 کی قرارداد کے وقت میرے والد مینار پاکستان پر موجود تھے۔ اس کے علاوہ خوشاب میں بھی جلسے سے خطاب میں سابق وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت جتنی بھی دھاندلی کرالے، ضمنی الیکشن کے بعد حمزہ وزیراعلیٰ نہیں رہے گا، یہ ضمنی الیکشن نہیں، پاکستان کے مستقبل کا فیصلہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مجھ پر 15 ایف آئی آرز درج ہیں۔ یہ جو اوپر بیٹھے ہیں خوف پھیلا رہے ہیں کہ ہم ان کو قبول کرلیں، انہیں ہم بھی قبول نہیں کریں گے، کسی صورت امریکا کی غلامی نہیں کریں گے۔

بقیہ 51

سائٹ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز 11 جولائی کو ساہیوال میں عوامی اجتماع سے خطاب کریں گی۔ 12 جولائی کو جھنگ، 13 جولائی کو لیہ میں جلسہ عام سے خطاب کریں گی۔ 14 جولائی کو خوشاب اور راولپنڈی میں جلسے سے خطاب کریں گی۔ 15 جولائی کو لاہور اور ملتان کا دورہ کریں گی اور اجتماعات سے خطاب کریں گی۔

بقیہ 52

این سی او سی نے حجاج کرام کی واپسی پر ریپڈ اینٹی جن ٹیسٹنگ کا فیصلہ کرتے ہوئے ایئرپورٹ حکام کو ہدایت نامہ جاری کر دیا ہے۔ ٹیسٹ کے حوالے سے جاری نوٹیفکیشن میں ہدایت دی گئی ہے کہ لاہور، کراچی، اسلام آباد، پشاور اور ملتان ایئرپورٹس پر آنے والے تمام مسافروں کے ٹیسٹ کیے جائیں اور تمام مسافروں کا ڈیٹا پاس ٹریک ایپ میں لازمی درج کیا جائے۔

بقیہ 53

معاف کر دیا کرو، خیر کے کاموں میں تعاون کرو، انسانیت کا احترام کرو۔ تفصیلات کے مطابق رواں برس دنیا بھر سے آئے ہوئے 10 لاکھ حجاج کرام کو جمعہ کو حج اکبر کی سعادت حاصل ہوئی، سال 1443 ہجری کے حج اکبر کے ارکان ادا کیے جانے کے بعد خطبہ حج میدان عرفات کی مسجد نمرہ میں دیا گیا، رواں برس خطبہ حج کے لیے ڈاکٹر محمد بن عبدالکریم العیسی خطیب مقرر کیے گئے، رواں برس خطبہ حج میدان عرفات سے براہ راست 14 زبانوں میں نشر کیا گیا جس سے دنیا کے طول وعرض میں ڈیڑھ کروڑ افراد نے استفادہ کیا۔ جدید ترین ٹیکنالوجی اور آلات کے ذریعے حج کا خطبہ انگریزی، فرانسیسی، اردو، فارسی، روسی، چینی، بنگالی، ترک، ملاوی، ہندی، ہسپانوی، تامل اور سواحلی زبانوں میں پیش کیا گیا۔ خطبہ حج دیتے ہوئے شیخ محمد بن عبدالکریم العیسی نے کہا کہ اے ایمان والو اللہ کی عبادت کرو، اللہ ہی واحد معبود ہے، اسی کی عبادت کریں۔ مسلمانوں، اللہ تعالیٰ سے ڈرو، بے شک اللہ رب العزت ہر چیز سے واقف ہے، وہ تمام عبادات کی جائیں جس کا حکم اللہ نے اپنے نبی ﷺ کے ذریعے دیا، اللہ سب کچھ جانتا ہے جو تم کرتے ہو، اللہ نے زکوٰۃ دینے کا حکم دیا ہے، اللہ نے نماز اور روزے رکھنے کا حکم دیا ہے۔ تقویٰ اختیار کرنے والا اللہ کا قرب حاصل کرتا ہے۔ خطبے میں کہا گیا کہ اسلام کی دعوت عام کرنے کی طرف جائیں، اللہ رب العزت نے فرمایا، لوگوں کو معاف کر دیا کرو۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جن کے اخلاق اچھے ہوں گے وہ قیامت کے دن میرے زیادہ قریب ہوں گے۔ خیر کے کاموں میں مسلمان ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کریں۔ خطبہ حج میں کہا گیا کہ مسلمانوں کو حکم دیا گیا ہے کہ لوگوں کو نفع پہنچائیں، انسانیت کی قدر اور احترام کرنا مسلمانوں پر لازم ہے۔ سب سے بڑی نعمت توحید کی ہے خطبے میں کہا گیا کہ اسلامی اقدار کا تقاضہ ہے جو چیز نفرت کا باعث بنے اس سے دور ہو جاؤ، اللہ نے فرمایا متقی کے لیے جنت کی خوشخبری ہے۔

بقیہ 54

ڈی آئی جی آپریشنز تمام سکیورٹی انتظامات کی خود نگرانی کریں گے جبکہ سیف سٹی کیمروں کے ذریعے بھی سکیورٹی اقدامات کا جائزہ لیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات پر عیدالاضحیٰ کی نماز کے سلسلہ میں خصوصی سکیورٹی پلان جاری کر دیا گیا ہے۔ سکیورٹی پلان کے تحت ضلع بھر کی 1032 مساجد اور 28 امام بارگاہوں پر 04 ایس پیز، 11 اے ایس پیز/ڈی ایس پیز، 02 انسپکٹرز سمیت 1000 سے زائد پولیس افسران و جوان سکیورٹی کے فرائض سرانجام دیں گے، اسی طرح فیصل مسجد میں نماز عید کے لئے ایک ایس پی، ایک ایس ڈی پی او سمیت 100 سے زائد پولیس افسران و جوان سکیورٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔ تمام مساجد اور امام بارگاہوں کو حساسیت کے مطابق کیٹیگریز میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ تمام مقامات کی نگرانی سیف سٹی کیمروں اور خصوصی پولیس ٹیموں کے ذریعے کی جائے گی اور تمام سکیورٹی اقدامات کو ڈی آئی جی آپریشنز سہیل ظفر چٹھہ مانیٹر کریں گے۔ تفریحی مقامات پر کسی بھی لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال سے نمٹنے کے لئے سی ٹی ڈی کے خصوصی دستے تعینات ہوں گے اور امن وامان کو ہر صورت قائم رکھا جائے گا۔ ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے، مارکیٹس اور سڑکوں پر ٹریفک رش کے لئے ایک ایس پی، 04 ڈی ایس پیز سمیت ٹریفک کے 278 افسران و جوان ڈیوٹی سرانجام دیں گے، ایس ایس پی ٹریفک تمام ڈیوٹیز کی خود نگرانی کریں گے، ون ویلنگ، ہلڑبازی کی ہرگز اجازت نہیں ہوگی اور قانون کی خلاف ورزی پر ایکشن ہوگا۔ اسی طرح 800 سے زائد ایگل سکواڈ کے جوان مختلف علاقوں، قبرستانوں، عید کے اجتماعات اور مارکیٹوں میں پٹرولنگ کریں گے، 150 سے زائد سپیشل برانچ کے افسران و جوان بھی نماز عید کے دوران اپنی فرائض سرانجام دیں گے۔ آئی جی اسلام آباد نے تمام پولیس افسران کو سختی سے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ بڑی تعداد میں لوگ مسجدوں، عیدگاہوں، کھلی جگہوں اور امام بارگاہوں میں نماز عید ادا کریں گے اس سلسلہ میں تمام متعلقہ زونل ایس پیز اپنی ذمہ داری کے علاقے میں موجود مساجد اور امام بارگاہوں میں عیدالاضحیٰ کی نماز کی ادائیگی کے دوران نمازیوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے ذمہ دار ہوں گے۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ ان اقدامات کا مقصد نمازیوں اور مذہبی مقامات کی حفاظت کو یقینی بنانا، دہشت گرد کارروائیوں کے خلاف سکیورٹی کو مزید موثر بنانا اور امن وامان کی بحالی کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے مزید ہدایات کیں کہ تمام زونل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز عیدالاضحیٰ کی نماز کے دوران اپنے علاقہ میں موجود رہیں گے، عید کی نماز کے دوران تمام ایگلز، تھانہ کی گاڑیاں اور فالکن اپنے اپنے علاقہ میں گشت کریں گی۔ بھارہ کہو کے علاقہ میں سی ٹی ڈی کی دو اضافی گاڑیاں لگائی گئی ہیں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹا جا سکے۔ سپیشل برانچ کے عملہ کو سادہ کپڑوں میں پیشگی انٹیلی جنس جمع کرنے اور مفید معلومات کے حصول کے لئے اے آئی جی سپیشل برانچ ذمہ دار ہوں گے اور کسی بھی مفید معلومات کے متعلق فوری متعلقہ پولیس افسر اور پولیس کنٹرول کو آگاہ کریں گے۔ نماز عید سے قبل سپیشل برانچ تمام مقامات پر ٹیکنیکل سویپنگ کے لئے بم ڈسپوزل سکواڈ تعینات کریں گے

حکومت پیکا آرڈیننس پر اپنی پوزیشن واضح کرے، کاظم خان

حکومت بزدلی کا مظاہرہ نہ کرے اور آزادی اظہار رائے پر پابندی لگانے کی کوشش نہ کرے، صدر سی پی این ای

جمہوری حکومت میں صحافیوں پر مارشل لاء طرز کے آمرانہ استحصالی اقدامات کی شدید مذمت کرتے ہیں

کراچی (بیورو چیف) کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز (سی پی این ای) نے صحافیوں پر تشدد، گرفتاریوں، دھمکیوں اور جان لیوا حملوں کے حالیہ واقعات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے میڈیا مخالف اقدامات، صحافیوں پر سیاق و سباق سے عاری مقدمات کے اندراج اور گرفتاریوں کا عمل فی الفور بند کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ سی پی این ای کے صدر کاظم خان نے کہا ہے کہ جمہوری حکومت پیکا آرڈیننس پر اپنی پوزیشن واضح کرے۔ صحافیوں کیخلاف مقدمات میں پیکا دفعات کا شامل ہونا باعث تشویش ہے۔ کیا ہمیں پیکا کے خلاف دوبارہ کھڑا ہونا ہے؟ پاکستان تحریک انصاف کو اسلام آباد ہائی کورٹ اور صحافتی تنظیموں کا شکر گزار ہونا چاہئے جنہوں نے پیکا آرڈیننس کے کالے (بقیہ نمبر 1)

وزیر اعظم کا کرنل (ر) طاہر حسین مشہدی کی وفات پر تعزیت کا اظہار

کرنل (ر) طاہر حسین مشہدی کی ملک وقوم کے لئے خدمات تادیر یاد رکھی جائیں گی

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے پیپلز پارٹی کے رہنما سابق سینیٹر کرنل (ر) طاہر حسین مشہدی کی وفات پر رنج وغم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ کرنل (ر) طاہر حسین مشہدی کی ملک وقوم کے لئے خدمات تادیر یاد رکھی جائیں گی، مختلف موضوعات پر کھل کر اپنا موقف بیان کرتے تھے۔ دعا ہے اللہ تعالی مرحوم کو (بقیہ نمبر 3)

راولپنڈی' ڈپٹی کمشنر طاہر فاروق بھاٹہ چوک میں مویشی منڈی کے دورے کے موقع پر انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے

گندم، آٹے سے لدے ٹرک سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی

2 ٹرک ڈرائیور گرفتار کرلئے، 28 ٹن آٹا برآمد کرلیا گیا، محکمہ فوڈ راولپنڈی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کارروائیاں کرتے ہوئے گندم اور آٹے سے لدے ٹرک سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا کر 2 ڈرائیور گرفتار کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ (بقیہ نمبر 5)

پولیس کی منشیات فروشوں، شراب سپلائرز کیخلاف کارروائیاں

7 ملزمان گرفتار، مقدمات درج، منشیات فروشوں کیخلاف کارروائیاں جاری رہیں گی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کیخلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 7 ملزمان گرفتار کرکے الگ الگ مقدمات درج کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے ملزم عدنان سے 220 گرام چرس، رتہ امرال پولیس نے ملزم ساجد سے 170 گرام چرس، باسط سے 50 لیٹر شراب، نصیر (بقیہ نمبر 6)

ویسٹریج پولیس نے شادی کی تقریب میں آتش بازی کرنیوالے 2 ملزمان گرفتار کرلیا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ویسٹریج پولیس نے شادی کی تقریب میں آتش بازی کرنیوالے 2 ملزمان گرفتار کر کے مقدمہ درج کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ویسٹریج پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے شادی کی تقریب میں آتش بازی کرنے والے 02 ملزمان اقبال اور امان اللہ کو گرفتار کرلیا، ملزمان سے سامان آتش بازی برآمد کرکے ملزمان کے (بقیہ نمبر 2)

7 سالہ بچی سے زیادتی کرنیوالا درندہ صفت ملزم گرفتار کرلیا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) کلر سیداں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 7 سالہ بچی سے زیادتی کرنے والا درندہ صفت ملزم گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق کلر سیداں پولیس کو متاثرہ بچی کے والد نے درخواست دی کہ محمد علی نے میری بیٹی کو زیادتی کا نشانہ بنایا، کلر سیداں پولیس نے فوری طور پر مقدمہ (بقیہ نمبر 4)

روات پولیس نے 2 منشیات فروش گرفتار کرلئے، چرس برآمد مقدمات درج

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) روات پولیس نے 2 منشیات فروش گرفتار کر کے 2 کلو کے قریب چرس برآمد کرلی، مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق روات پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے منشیات فروش ناصر کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 01 کلو 250 گرام چرس برآمد ہوئی، جبکہ ایک کاروائی کرتے ہوئے روات پولیس نے ملزم بابر کو گرفتار کرلیا،

Kashf Abeer COLLECTION -313-
Eid Al Adha MUBARAK
DRESS HOT COM
Ladies Under Garments
بوتیک سٹائل
زنانہ اور بچگانہ
برانڈڈ 2 پیس اور 3 پیس
CEO Kashf Abeer 0334-6096444
نیازی ٹاؤن ملت کالونی گلی نمبر 21، راولپنڈی

پرچی جواء کے ذریعے انعام کا لالچ دے کر شہریوں کو لوٹنے والا نوسرباز گرفتار کرلیا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) سٹی پولیس نے پرچی جواء کے ذریعے انعام کا لالچ دے کر شہریوں کو لوٹنے والا نوسر باز گرفتار کرلیا، 21 ہزار روپے اور مختلف نمبرز کی پرچیاں برآمد، مقدمہ درج کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے پرچی جواء کے ذریعے انعام کا لالچ دے کر شہریوں کو لوٹنے والے نوسرباز شہزاد علی کو گرفتار کرلیا،

قیدیوں کو عید الاضحیٰ کے تینوں روز خصوصی مینیو کے تحت کھانا دیا جائے گا

لاہور (این این آئی) صوبہ بھر کی جیلوں کے قیدیوں کو عید الاضحیٰ کے تینوں روز خصوصی مینیو کے تحت کھانا دیا جائے گا۔ محکمہ جیل خانہ جات کی جانب سے صوبہ بھر کی جیلوں کے سپرنٹنڈنٹس کو مراسلہ جاری کیا گیا ہے جس کے مطابق قیدیوں کو عید الاضحیٰ کے تینوں روز صبح ناشتے میں سویاں، چنے اور چائے (بقیہ نمبر 9)

مادر ملت فاطمہ جناح کی 55 ویں برسی عقیدت واحترام کیساتھ منائی گئی

لاہور (این این آئی) مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کی 55 ویں برسی عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی۔ مادر ملت کی برسی کے حوالے سے ملک بھر میں مسلم لیگ ودیگر سیاسی جماعتوں کے زیر اہتمام قرآن خوانی کی محفلوں اور مختلف تقریبات کا انعقاد کیا گیا فاطمہ جناح 1967 میں 8، 9 جولائی کی درمیانی شب 76 برس کی عمر میں قصر فاطمہ کلفٹن کراچی میں مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئی تھیں۔

صوبہ بھر سے کورونا کے 130 نئے کیسز سامنے آئے، محکمہ صحت

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران کورونا کے 101 نئے مریض سامنے آگئے، وباء کے پھیلاؤ کی مثبت شرح 4 فیصد رپورٹ ہوئی۔ محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر پنجاب نے کورونا وائرس کے گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے اعداد وشمار جاری کر دیئے۔ سیکرٹری صحت کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبہ بھر سے کورونا کے 130 نئے کیسز سامنے آئے۔ صوبہ بھر میں کورونا کے کیسز کی کل تعداد 509,265 ہو چکی ہے۔ اب تک صوبہ بھر کے 494,07 مریض علاج کے بعد مکمل صحت یاب ہو کر اپنے گھروں کو واپس جا چکے ہیں۔

Eid al adha
ناصر CNG
اینڈ آٹو ورکشاپ
CNG اور آٹو پارٹس دستیاب ہیں
فری آئل چینج
مکینک: ناصر محمود 0332-5683901 0345-5259129
مکینک ظفر اقبال 0343-6818018

عوامی تعاون کے بغیر ڈینگی کو شکست نہیں دی جاسکتی، ڈپٹی کمشنر

شہریوں سے اپیل ہے کہ وہ اپنے گھروں کی چھتوں اور صحن میں پانی کھڑا نہ ہونے دیں

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی طاہر فاروق کی زیر صدارت انسداد ڈینگی اجلاس میٹنگ روم میں ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی ہیڈکوارٹرز مرضیہ سلیم، سی سی او ہیلتھ ڈاکٹر لبنیٰ، ڈائریکٹر کالجز سمیت دیگر متعلقہ محکموں کی سربراہان کی شرکت۔ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر راولپنڈی طاہر فاروق نے کہا کہ عوامی تعاون کی بغیر ڈینگی کو شکست نہیں دے جاسکتی۔ ضلعی انتظامیہ ڈینگی پر قابو پانے کے لیے تمام تر کوششیں جاری رکھیں ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈینگی کی حوالے سے حکومت پنجاب زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ ڈینگی کے سلسلے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈینگی سرویلنس کو مزید بہتر بنایا جائے۔ ان نے شہریوں سے اپیل کی (بقیہ نمبر 10)

صدر سرکل چکوال کی مصالحتی کمیٹی کی شاندار کارکردگی

شاندار کارکردگی پر ہردلعزیز پولیس ملازم امجد نصیر کو نقد انعام دیا اور شاباش دی

چکوال (راجہ افتخار سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال محمد بن اشرف کی ہدایات اور ڈی ایس پی محمد اصغر گورایا SDPO صدر سرکل چکوال کی نگرانی میں صدر سرکل چکوال کی مصالحتی کمیٹی کی شاندار کارکردگی۔ تفصیلات کے مطابق انچارج مصالحتی کمیٹی صدر سرکل چکوال امجد نصیر نے ماہ جنوری 2022 سے ماہ مئی 2022 کے دوران پانچ ماہ میں 195 تنازعات اور کورٹس کیسوں کا فیصلہ کیا مصالحتی کمیٹی کا قیام 2020 میں عمل میں لایا گیا تھا سال 2020 میں 486 جبکہ سال 2021 میں 549 کیسز کے راضی نامے اور فیصلے کروائے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال محمد بن اشرف نے شاندار کارکردگی پر ہردلعزیز (بقیہ نمبر 11)

راولپنڈی' ڈپٹی کمشنر طاہر فاروق حکومت پنجاب کی طرف سے سیاحوں کیلئے پارہ کہو سے مری تک شٹل سروس کیلئے قائم بس سٹاپ پر انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

عید الاضحیٰ پر امن و امان قائم رکھنے کیلئے کنٹرول روم قائم

یہ کنٹرول روم سول ڈیفنس دفتر راولپنڈی میں قائم کیا گیا ہے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) حکومت پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر راولپنڈی طاہر فاروق نے عید الاضحی کے موقع پر امن وامان کے ماحول کو قائم رکھنے کے لیئے اسسٹنٹ کمشنر کینٹ انیشا ہشام کی سربراہی میں کنٹرول روم قائم کیا ہے تاکہ کسی بھی ایمرجینسی کی صورت میں متعلقہ شعبہ سے رابطہ کر کے اسے فوری طور پر حل کیا جا (بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد کیپٹل پولیس میں اصلاحات کا سلسلہ جاری

سرینگر، ایکسپریس وے ہائی وے پر 10 ائیر کوالٹی انڈکس میئرمنٹ میٹرز نصب کر دیئے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد پولیس نے ماحولیاتی آلودگی کو کم کرنے کیلئے نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے شعبہ ماحولیات کے تعاون سے سری نگر اور ایکسپریس وے ہائی وے پر 10 ائیر کوالٹی انڈکس میئر منٹ میٹرز نصب کر دیئے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان میاں شہباز شریف کے ویژن اور (بقیہ نمبر 13)

لاہور' ڈپٹی کمشنر لاہور عمر شیر چٹھہ گورا قبرستان میں ڈینگی سرویلنس کا جائزہ لے رہے ہیں

چیئرمین سینیٹ کو غلاف کعبہ کی تیاری میں حصہ لینے کا شرف حاصل

جدہ (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے مناسک حج کی ادائیگی کے دوران غلاف کعبہ کی تیاری کا عمل بھی دیکھا۔ انہیں غلاف کعبہ کی تیاری میں کچھ وقت کیلئے حصہ لینے کا کا بھی شرف حاصل ہوا ہے۔ اس موقع پر صادق سنجرانی نے کہا خانہ کعبہ کے غلاف کی تیاری میں حصہ لینا میرے لئے سعادت کی بات ہے۔ انہوں نے کہا پاک سعودی تعلقات اسلامی رشتوں میں مضبوط بندھے ہیں۔

جوبائیڈن نے پاکستانی نژاد امریکی شہری خضر خان کو اعلیٰ ترین میڈل سے نوازدیا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر جو بائیڈن نے پاکستانی نژاد امریکی شہری خضر خان کو اعلیٰ ترین میڈل سے نواز دیا۔ خضر خان نے 2016 کے امریکی انتخابات میں سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر بھرپور تنقید کی تھی، ان کے بیٹے ہمایوں نے عراق جنگ میں اپنی جان دے کر دیگر فوجیوں کو بچایا تھا۔ تفصیلات کے مطابق امریکا کے صدر جو بائیڈن (بقیہ نمبر 14)

موٹر سائیکل چوری کی وارداتیں، ملزم گرفتار کرلیا، 4 موٹر سائیکلز برآمد

کار و موٹر سائیکل چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) تھانہ صادق آباد پولیس نے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار کر کے چوری شدہ 4 موٹر سائیکلز برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم مزمل کو گرفتار کرلیا، ملزم سے چوری شدہ 04 موٹر سائیکلز برآمد ہوئے۔ ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزم کے دیگر سہولت کاروں کو بھی گرفتار کیا جائے گا۔ ایس پی راول بابر جاوید جوئیہ نے صادق آباد پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا۔

جمہوریت کا دعویٰ کرنیوالا ملک اس کی نفی کر رہا ہے

کشمیری عوام کے بنیادی حقوق سلب کر دیئے گئے، بیرسٹر سلطان محمود

مظفر آباد (این این آئی) صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا ہے کہ عید الاضحیٰ کے مقدس و محترم دن کے موقع پر میں ملت اسلامیہ کے تمام افراد کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، عید الاضحیٰ کے مذہبی تہوار کے پس منظر میں ایک عظیم فلسفہ کارفرما ہے، یہ فلسفہ ایثار وقربانی اور رضائے الٰہی کیلئے اپنی عزیز ترین چیز حتیٰ کے اولاد کو بھی قربان کر دینے سے عبارت ہے، آج کشمیری قوم اس سنت ابراہیمی پر عمل کرتے ہوئے انسانی تاریخ کی منفرد اور بے مثال قربانیاں پیش کر رہی ہے۔ جمہوریت کا دعویٰ کرنے والا ملک جمہوریت کی مکمل طور پر نفی کر رہا ہے

امن کے قیام سمیت عوام کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے

عوام کے تنازعات حل کرنا بھی زیرغور ہیں، انچارج الیاس آفریدی

ضلع خیبر اکبر آفریدی باڑہ قوم برقمبر خیل کے انچارج الیاس آفریدی نے میڈیا سے بات چیت کرکے کہا کہ میں بذات خود اور شبیر آفریدی سمیت دیگر پولیس اہلکار رات کے وقت امن و امان کی خاطر گشت کر رہے ہیں تاکہ کسی قسم کی بدامنی نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ علاقے میں امن کے قیام سمیت عوام کی جان و مال کی تحفظ اولین ترجیح ہیں۔ لوگوں نے ہمارا ساتھ دینا ہوگا کیونکہ تعاون سے ہر مشکل آسان ہوجاتی ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ آج صبح تھانے کو معمر شخص آیا تھا جس کا مسئلہ سن کر ہم حل کریں گے۔ الیاس آفریدی نے کہا کہ عوام کے تنازعات (بقیہ نمبر 15)

بڈگام، ٹرین نے ایک شخص کو کچل دیا

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر کے ضلع بڈگام میں ریل گاڑی نے ایک شخص کو کچل دیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بڈگام سے بانہال جانیوالی ریل کی ٹکر کے باعث نامعلوم شخص موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔ واقعہ علی الصبح پیش آیا۔ پولیس نے اس سلسلے میں مقدمہ درج کر لیا ہے۔ بھارتی پولیس نے (بقیہ نمبر 17)

بارہمولہ، پولیس نے ایک نوجوان کو گرفتار کرلیا

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں پولیس نے آج (ہفتہ) ضلع بارہمولہ سے ایک نوجوان کو گرفتار کر لیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق محمد اقبال بٹ نامی نوجوان کو ضلع کے علاقے کیریری سے گرفتار کیا گیا۔ پولیس نے (بقیہ نمبر 16)

بھارت کشمیریوں کو بدترین مظالم کا نشانہ بنارہا ہے، شبیر شاہ

حق کے راستے میں جانیں نچھاور کرنیوالے شہداء اور محبوسین کو ہرگز نہ بھولیں، بیان

نئی دلی (این این آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس کے غیر قانونی طور پر نظر بند سینئر نائب چیئرمین شبیر احمد شاہ نے کہا کہ بھارت کشمیریوں کو عالمی سطح پر تسلیم شدہ اپنے حقوق کے مطالبے کی پاداش میں بدترین مظالم کا نشانہ بنارہا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق شبیر احمد شاہ نے نئی دلی کی بدنام زمانہ تہاڑ جیل سے جاری اپنے ایک پیغام میں کہا کہ بھارت حق پر مبنی (بقیہ نمبر 18)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

راولپنڈی، عید الاضحیٰ کی نماز کیلئے سکیورٹی پلان جاری

ٹریفک روانی برقرار رکھنے، سپیشل پٹرولنگ کیلئے 2500 پولیس افسران وجوان سکیورٹی فرائض سرانجام دیں گے

مساجد اور امام بارگاہیں حساسیت کے مطابق کیٹیگریز میں تقسیم، ڈی آئی جی آپریشنز سکیورٹی انتظامات کی نگرانی کرینگے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) کیپٹل پولیس نے عید الاضحیٰ کی نماز کیلئے سکیورٹی پلان جاری کردیا، ضلع بھر میں 1032 مساجد 28 امام بارگاہوں، پبلک مقامات، قبرستانوں، ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے اور سپیشل پٹرولنگ کے لئے 2500 پولیس افسران وجوان سکیورٹی کے فرائض سرانجام دیں گے، مساجد اور امام بارگاہوں کو ان کی حساسیت کے مطابق کیٹیگریز میں تقسیم کیا گیا ہے، (بقیہ نمبر 19)

نیلم جہلم پاور ہاوس ٹنل میں دراڑیں پڑ گئیں، بجلی کی پیداوار 3 ماہ کیلئے بند

اسلام آباد (بیورو چیف) نیلم جہلم پاور ہاوس کی تعمیر میں مبینہ کرپشن بجلی کی پیداوار 3 ماہ کیلئے بند۔ نیلم جہلم 969 میگاواٹ پاور ہاوس کی ٹنل میں ناقص میٹریل کے استعمال کی وجہ سے ٹنل میں دراڑیں پڑنا شروع ہوگئی ہیں، تیزی سے ٹنل میں دیواریں فرش اکھڑنے کی وجہ سے ان ٹیک نوسیری ڈیم کے اسپل وے کھول دیئے گئے۔

ضلعی افسران کو عید کی تعطیلات میں راولپنڈی کی حدود میں موجود رہنے کی ہدایت

راولپنڈی (نمائندہ عوامی لکار) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی طاہر فاروق نے تمام صوبائی محکموں کے ضلعی افسران کو عید کی تعطیلات کے دوران راولپنڈی کی حدود میں موجود رہنے کی ہدایت کی ہے۔ تاہم وہ اپنے متعلقہ حکام کی پیشگی اجازت اور ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کو اطلاع دیکر سٹیشن چھوڑ سکتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر طاہر فاروق نے مذکورہ احکامات وسیع تر عوامی مفاد میں پنجاب سول ایڈمنسٹریشن ایکٹ 2017 کے تحت جاری کئے ہیں۔

عید الاضحیٰ کے موقع پر 435 گاڑیاں صفائی میں حصہ لیں گی

اس آپریشن کے دوران 3 ہزار 7 سو سات اہلکار اپنی ڈیوٹی سرانجام دیں گے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی طاہر فاروق نے کہا کہ عید الاضحیٰ کے موقع پر 435 گاڑیاں شہر کی صفائی میں حصہ لیں گی۔ اس آپریشن کے دوران 3 ہزار 7 سو سات اہلکار اپنی ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔ انہوں کہا کہ آلائشوں کو منتقل کرنے (بقیہ نمبر 20)

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار

9 موٹر سائیکلز برآمد، ایس پی راول بابر جاوید جوئیہ کی پولیس ٹیم کو شاباش

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) تھانہ وارث خان پولیس نے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار کر کے چوری شدہ 9 موٹر سائیکلز برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 02 رکنی گینگ کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں فضل اور ندیم شامل ہیں، ملزمان (بقیہ نمبر 21)

راولپنڈی' موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان وارث خان پولیس کی حراست میں

پاکستان کو موسمیاتی تبدیلیوں کے مضر اثرات سے بچانے کیلئے عملی اقدامات

موسمیاتی تبدیلیوں سے دنیا کے جن ممالک کو زیادہ نقصان پہنچا ہے پاکستان ان میں سر فہرست ہے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) موسمیاتی تبدیلیوں سے دنیا کے جن ممالک کو زیادہ نقصان پہنچا ہے پاکستان ان میں سر فہرست ہے۔ موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث حالیہ ربیع و پری مون سون سیزن میں درجہ حرارت میں اضافہ اور بارشیں نہ ہونے کے باعث نہری پانی کی فراہمی میں 42 فیصد تک کمی نوٹ کی گئی۔ ان موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث گندم، مکئی و سبزیوں اور پھلوں کی پیداوار میں کمی واقع ہوئی ہے۔ زرعی سائنسدان موسمیاتی تبدیلیوں (بقیہ نمبر 26)

لاہور' شہری قربانی کے جانوروں کے لئے چارہ خرید رہے ہیں

پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن، 35 بھکاری گرفتار کر لئے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس نے پیشہ ور بھکاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 35 بھکاری گرفتار کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر انچارج بیگرا سکواڈز نے (بقیہ نمبر 27)

واسا نے راولپنڈی میں ہائی الرٹ جاری کردیا

جڑواں شہروں میں شدید بارش، سیکٹر ایچ تیرہ میں عمارتوں کی بیسمنٹ میں پانی داخل

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت سلام آباد میں گزشتہ رات 4 گھنٹے تیز ہوا کے ساتھ بارش ہوتی رہی، بارش کے باعث سیکٹر ایچ 13 میں عمارتوں کی بیسمنٹ میں پانی داخل ہوگیا، واسا نے راولپنڈی میں ہائی الرٹ جاری کردیا ہے۔ ڈپٹی (بقیہ نمبر 22)

شیخ عبدالطیف کی نماز جنازہ میں بڑی تعداد میں کشمیری برادری کی شرکت

اسلام آباد (این این آئی) تحریک آزادی کشمیر کے سرگرم کارکن شیخ عبدالطیف مرحوم کی نماز جنازہ اسلام آباد کے علاقے برما ٹاؤن میں ادا کردی گئی، وہ طویل علالت کے بعد گزشتہ روز سی ایم ایچ راولپنڈی میں انتقال کر گئے تھے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق نماز جنازہ میں کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد جموں کشمیر شاخ کے رہنماؤں اور (بقیہ نمبر 28)

مری ٹورازم پولیس کو عید الاضحیٰ کے حوالے سے ہدایات جاری

مری آنیوالے سیاحوں کو تحفظ، سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، حیدر علی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ایس پی کوہسار حیدر علی نے مری ٹورازم پولیس کو عید الاضحیٰ کے حوالے سے ہدایات جاری کر دیں۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر ایس پی کوہسار حیدر علی نے مری ٹورازم پولیس کو بریفنگ دی، بریفنگ کا اہتمام مری آرٹس کونسل میں کیا گیا، ایس پی کوہسار حیدر علی (بقیہ نمبر 23)

راولپنڈی' ایس پی کوہسار حیدر علی مری ٹورازم پولیس کو عید الاضحیٰ کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے

صدر مملکت کا مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کو ان کی برسی پر خراج عقیدت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کو ان کی برسی پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیاست میں ان کا قائدانہ کردار پاکستانی خواتین کیلئے حوصلہ افزائی کا باعث ہے۔

پبلک اکاونٹس کمیٹی نے اسٹیل ملز کے نقصانات کی رپورٹ طلب کر لی

پیپلز ورکرز یونین کے چیئرمین PAC کو خط میں مینجمنٹ کو اسٹیل ملز کو 284 ارب کا نقصان پہنچانے کا ذمے دار قرار دیا گیا تھا

وفاقی وزارت صنعت و پیداوار نے سی ای او پاکستان اسٹیل کو 15 جولائی تک رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کردی ہے

کراچی (بیورو چیف) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے پاکستان اسٹیل کی انتظامیہ اور بورڈ آف مینجمنٹ کی کارکردگی اور پاکستان اسٹیل کو پہنچنے والے نقصانات کی رپورٹ طلب کرلی۔ وفاقی وزارت صنعت و پیداوار کے ذرائع کے مطابق چیئرمین پبلک اکاونٹس کمیٹی نور عالم خان جس حکومت کا حصہ رہے اسی حکومت کے عرصہ اقتدار میں پاکستان اسٹیل میں کرپشن، مجرمانہ غفلت اور ناقص کارکردگی سے پاکستان اسٹیل کو پہنچنے والے اربوں روپے کے نقصانات کی رپورٹ طلب کر لی ہے۔ ذرائع کے مطابق پبلک اکاونٹس کمیٹی کے چیئرمین کی ہدایت پر وفاقی وزارت صنعت و پیداوار نے پاکستان اسٹیل کے سی ای او سے رپورٹ طلب کرلی۔ وفاقی وزارت صنعت و پیداوار نے سی ای او (بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد، ضلعی انتظامیہ کی اجازت کے بغیر قربانی کی کھالیں جمع کرنے پر پابندی عائد

قربانی کی کھالیں ممنوعہ تنظیموں کو دینے پر بھی پابندی عائد ہے، آئی جی اسلام آباد کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی ضلعی انتظامیہ کی اجازت کے بغیر قربانی کی کھالیں جمع کرنے پر پابندی عائد کردی گئی۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ قربانی کی کھالیں ممنوعہ تنظیموں کو دینے پر بھی پابندی عائد ہے۔ آئی جی نے کہا کہ ایسی سرگرمیوں کی جانچ پڑتال کے لئے اسلام آباد کیپٹل پولیس سی ٹی ڈی کے دستے تعینات کردیئے گئے، اس اقدام کا مقصد دہشت گردی کی مالی معاونت کے ذرائع کو قطعی طور پر روکنا ہے۔

نیر حسین بخاری کا سابق سینیٹر طاہر مشہدی کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی سید نیر حسین بخاری نے سابق سینیٹر طاہر مشہدی کے انتقال پر (بقیہ نمبر 29)

پشاور سمیت خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں مقیم افغان مہاجرین نے عید الاضحیٰ منائی

پشاور (این این آئی) پشاور سمیت خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں مقیم افغان مہاجرین نے عید الاضحیٰ منائی۔ ہفتہ کو پشاور میں مرکزی عیدگاہ ہزار بوز میں نماز عید ادا کی گئی، عیدگاہ میں کثیر تعداد میں نوجوان، بچوں سمیت بزرگ افغانیوں نے نماز عید ادا کی۔

دنیا بھر کی طرح کراچی میں بھی بوہری برادری نے عید الاضحیٰ منائی

کراچی (این این آئی) دنیا بھر کی طرح کراچی میں بھی بوہری برادری نے عید الاضحیٰ منائی۔ کراچی میں ہفتہ کو بوہری برادری نے عید الاضحیٰ منائی، صدر میں واقع بوہری مسجد میں نماز عید الاضحیٰ ادا کی گئی۔ نماز عید میں ملک کے استحکام کے لیے خصوصی دعا کرائی گئی، نماز عید کے بعد بوہری برادری کے افراد نے حضرت اسماعیل کی یاد میں سنت ابراہیمی ادا کی۔ نماز عید کے موقع پر بوہری مسجد جانے والے راستے سیکیورٹی کے لیے بند کردیئے گئے تھے، جبکہ سیکیورٹی کیلئے پولیس اور رینجرز بھی تعینات تھی۔

چکوال: ڈپٹی کمشنر عدنان محمود اعوان ڈی ایچ کیو ہسپتال کی ہیلتھ کونسل کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر عدنان محمود کی زیر صدارت ہیلتھ کونسل کا اجلاس

تعمیراتی امور کیلئے درکار فنڈز کی ضروریات کا تعین کرکے رپورٹ پیش کی جائے

چکوال (راجہ افتخار سے) ڈپٹی کمشنر عدنان محمود اعوان کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز (ڈی ایچ کیو) ہسپتال کی ہیلتھ کونسل کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر انجم قدیر، ہسپتال کے ایم ایس ڈاکٹر مختار سرور خان نیازی ودیگر ڈاکٹرز سمیت ہیلتھ کونسل کے اراکین نے شرکت کی تفصیلات کے مطابق۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر عدنان محمود اعوان کو ہیلتھ کونسل کے دائرہ کار سے متعلق امور کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں ہسپتال کے واٹر سپلائی سسٹم کی بہتری اور لیبر روم کی توسیع سمیت ہیلتھ کیئر سروس ڈیلوری کی مزید (بقیہ نمبر 25)